# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 12 ستمبر 2013ء بمطابق 05 ذیقعد 1434 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا کُوۡنُوۡا قَوّٰمِیۡنَ لِلّٰہِ شُہَدَآءَ بِالۡقِسۡطِ ۫ وَ لَا یَجۡرِمَنَّکُمۡ شَنَاٰنُ قَوۡمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعۡدِلُوۡا ؕ اِعۡدِلُوۡا ۟ ہُوَ اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰی ۫ وَ اتَّقُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ O وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَہُمۡ مَّغۡفِرَۃٌ وَّ اَجۡرٌ عَظِیۡمٌ O وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَ کَذَّبُوۡا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ الۡجَحِیۡمِ۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡمِ۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں! خدا کیلئے انصاف کی گواہی دینے کیلئے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پ
ر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیز گاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبر دار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کیلئے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔ و آخِرُ الدَعۡوَانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، محمد علی شاہ باچا صاحب۔

سید محمد علی شاہ: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! دا یو ستیټمنټ راغلے دے په "آج" اخبار کښې جی، دیکښې ذکر شوے دے چې "ملاکنڈ میں ٹیکس لاگو کرنے کی تجویز پر غور"، نو وزیران صاحبان خو نشته، یو زمونږ لاء منسټر صاحب ناست دے جی نو ملاکنډ ټیکس فری زون دے جی، مونږ ته یو آئینی خپل تحفظ ملاؤ دے جی، Under Article 246 جی او اخبار کښې داسې ستیټمنټ راځی نو مونږ ته هم د حلقو نه خلق ټیلیفونونه کوی او تشویش کوی چې یره واقعی چې په ملاکنډ کښې ټیکس لګوی؟ نو منسټر صاحب ناست دے نو د دې د لږ وضاحت وکړی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر فار لاء، پلیز۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون و پارلیمانی امور): تھینک یو سر۔ سر! باچا صاحب ہمارے پرانے Colleague ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جب بھی انہوں نے بات کی ہے، ہمیشہ جب کوئی واقعی مسئلہ ان کو درپیش ہوتا ہے، اس وقت ہی گورنمنٹ کی توجہ طلب کرتے ہیں۔ میری جی، یہ گزارش ہوگی کہ اگر یہ اس پر کوئی 'پراپر' موشن لے آئیں، میں بھی اپنی Sources سے اس کے متعلق معلومات کر لوں گا لیکن اگر 'پراپر' اس پہ یہ Put up کر لیں گے موشن، تو ان شاءاللہ ایک باضابطہ جواب ان کو دے دیں گے۔ تاہم اتنی حد تک میں ان کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ جو آئین ہے، ہم اس سے روگردانی نہیں کر سکتے اور یقیناً جو آئین کے Parameters ہیں اور جو علاقے، ان کو مراعات دی گئی ہیں، یقیناً ان کا خیال رکھا جائے گا۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محمد علی شاہ باچا صاحب۔

سید محمد علی شاہ: موشن به جی زه راوړم خو که فرض کړه دوئ، دې سټیټمنټ کښې دا دې چې "زیر غور ہے" نو زه وایم چې هغه پورې پکښې څه دغه نشی، زه به پکښې موشن جمع کړم جی، خو چې هغه پورې پکښې څه کارروائی اونشی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان شاء الله، تاسو موشن جمع کړئ جی۔

سید محمد علی شاہ: تھیک شوه جی، تھینک یو۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: دا 'کوئسچنز آور' کښې ریکویسټ کوم جی، لږ ریکویسټ کوم سر جی، دا 'کوئسچنز آور' کښې لږ که ماته ټائم راکړئ بیا زه تاسو ته فل ټائم، چې څومره تاسو۔۔۔۔۔

جناب احمد خان بہادر: سپیکر صاحب، زما دا خبره ډیره اهم ده او۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زه تر هغه ټائم پورې نه ځم جی چې تاسو ته مې ټائم نه وی درکړے۔ تھینک یو۔ جناب قیموس خان صاحب ته گزارش دے جی چې دا کوئسچن نمبر 236 باندې راشی۔ قیموس خان صاحب۔

* 236 _ جناب قیموس خان: کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خوازہ خیلہ ہسپتال میں الٹراساؤنڈ، ای سی جی، ایکسرے اور دوسری قسم کے آلات اور مشینیں موجود ہیں جو کہ قابل استعمال نہیں ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو آیا حکومت ان آلات و مشینوں کو قابل استعمال بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔اس سلسلے میں عرض ہے کہ خوازہ خیلہ ہسپتال میں دو مشینیں ای سی جی اور الیکٹرک کاٹری خراب تھیں جو کہ الیکٹرو میڈیکل ورکشاپ میں واپس کی گئی ہیں لیکن اس کے علاوہ خوازہ خیلہ ہسپتال میں تین عدد ای سی جی مشینیں، تین ایکسرے پلانٹ اور چار الٹراساؤنڈ

مشینیں صحیح حالت میں موجود ہیں اور زیر استعمال ہیں البتہ چار الٹرا ساؤنڈ مشینوں میں سے صرف ایک مشین لیڈی ڈاکٹر کے زیر استعمال ہے اور بقایا تین متعلقہ سپیشلسٹ نہ ہونے کی وجہ سے سٹور میں پڑی ہیں۔

(ب) ایک کاٹری مشین جو کہ ناقابل مرمت ہے، اس کے متبادل اور اس کے علاوہ بہت سی ضروری مشینری اے ڈی پی سکیم کے تحت خریدی جائیگی۔

جناب قیموس خان: جناب سپیکر! سوال نمبر 236، (الف)، (ب)۔ جناب سپیکر، یو خو جواب ئے ما له را کړے دے لیکن د دې نه زه مطمئن نه یم ځکه دوئ د کومو مشینانو خبره چې کړې ده، په دیکښې د ای سی جی دا مشین چې دے دا بالکل ټهیک دے۔ د دې سره چې دے نو یو داسې مشین دے چې په هغې کښې ئے ایلفی اچولې ده او د دې هسپتال په خوا کښې د دې هسپتال عملې ځان له خپل کلینکونه جوړ کړی دی، په هغې کښې باقاعده د دې مشینانو ټیسټونه کوی او دا ئے بې کاره کړی دی۔ پکار ده چې حکومت دې باندې نوټس واخلی۔ په هسپتال کښې چې کوم مشینان دی چې هغه چالو کړی او په هغې باندې کارروائی شروع کړی او مریضانو ته د هغې نه سهولت ورته کیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ډیره ښه ده جی۔Ji, Minister for Law, for reply۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ سر جی، دا Reply دے ور کړی بیا زه تاسو ته۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ ایک تو ہیلتھ منسٹر صاحب ہیں بھی نہیں، اگر وہ، تو جواب میرے خیال میں کون ہمیں دے گا اس سلسلے میں؟۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر صاحب ان شاءاللہ بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: یہی سر، کہ قیموس خان نے جو سوال پوچھا ہے، میں بھی اپنے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال لکی کے بارے میں یہی میرے خدشات ہیں سر، کہ وہاں پر جو بھی مشینری، چونکہ Newly District Head Quarter بنا ہے سر، وہاں پر بھی مشینری وہی بکسوں میں بند پڑی ہے تو یہ

لاء منسٹر صاحب کیا جواب دیں گے کیونکہ ان کو معلومات ہوں گی یا نہیں؟ تو Kindly کم از کم وہ مشینری جو لاکھوں کروڑوں روپے ان پہ لگے ہیں، کم از کم اس کو استعمال میں لایا جائے سر۔ جیسا کہ قیموس خان نے بھی یہی کہا ہے کہ مشینری موجود ہے کیونکہ میرے پاس تو وہ بالکل New ہے اور بکسوں میں بند پڑی ہے۔ اس سلسلے میں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں ایک بات کہنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی نلوٹھا صاحب، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ آج انتہائی اہم قسم کے ہیلتھ کے کوئسچنز تھے تو منسٹر ہیلتھ صاحب کو آنا چاہیئے تھا ورنہ لاء منسٹر صاحب میرے خیال کے مطابق سب اگر یہ منسٹر دوسرے کام نہیں کرتے ہیں تو سارے عہدے لاء منسٹر صاحب کو دیدیں جی، تمام وزارتوں کے محکمے ان کے پاس ہو جائیں۔ تو میرا جناب ضمنی کوئسچن یہ ہے کہ آج کی بات ہے، میرے حلقے کے اندر ایک کانگو وائرس قسم کی بیماری پھیلی ہے جس سے تقریباً تین بندے، دو کی موت آج واقع ہوئی ہے، ایک پرسوں مرا ہے تو میں لاء منسٹر صاحب سے ہیلتھ منسٹر کے Behalf پر یہ ریکویسٹ کروں گا اور یہ سوال کروں گا کہ اس کیلئے آپ کیا بندوبست کریں گے اور جتنا جلد ہو سکے، پورے میرے حلقے کے اندر ایک خوف وہراس پھیل گیا ہے، تین اموات واقع ہونے کے بعد، تو جلد از جلد اس کے اوپر کوئی قابو پایا جائے، اس بیماری کے اوپر اور ڈاکٹروں کو اور ڈی ایچ اوز کو اور دوسرے لوگوں کو ہدایت کی جائے کہ وہ وہاں پہ اس بیماری کے تدارک کیلئے لوگوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد خان بہادر، پلیز۔

جناب احمد خان بہادر: تهینک یو، مسٹر سپیکر۔ سر! دا کوئسچن خو منسٹر آف هیلتهـ نه دے، پکار خو دا وو چې منسٹر هیلتهـ وے، چې هغه نن نه وو نو پکار دا وو چې دا بیا سبا یا کومه ورځ باندې چې هغه وو ځکه چې زما په خیال هیلتهـ سره Related به هغه ډیر بهتر انداز کښې د هغې جوابونه ورکړی۔ زمونږ لاء منسٹر

صاحب خو ډیر زبردست سړے دے او پوهه سړے دے جی، او دے خو ماشاءالله چې ده ته مونږ کوم سوال وکړو نو دے مونږ له داسې ګول مول جواب راکړی جی چې بس مونږ وایو چې خدایه پاکه! دیکښې مونږ مخکښې څه اووایو جی؟ د دې هسپتال باره کښې خوازه خیله هسپتال باره کښې قیموس خان دا کوئسچن دے جی، دا Same دغه سیچویشن جی مونږ سره په مردان هسپتال کښې هم دے۔ مشینرئ مونږ سره پرتې دی جی او هغه لګیدلې نه دی، تیر شوی ګورنمنټ اخستې وې۔ زما آنریبل ممبر صاحب جی د ډینګی په حوالې سره یو خبره وکړه، ګو چې دې سره Related نه ده خو هغوی خبره وکړه نو زه پکښې لږې دا خپلې خبرې Add کوم Just چې زه پکښې خپل شیئر واچوم۔ جناب والا، امریکه غوندې ملک کښې Thirty two thousand کسان د دې ډینګی د لاسه مړه شوی وو جی او سوات کښې اته کسان مړه شوی دی۔ نن ما په اخبار کښې یو سټیټمنټ کتلو چې اته زره Patients دی جی، په پیښور کښې جی دغه شوے دے او زه تپوس دا کوم د موجوده ګورنمنټ نه، په مردان کښې جی تقریباً پنځوس داسې کیسز راغلی دی جی او زه نه پوهیږم جی چې ګورنمنټ په دیکښې څه Steps اخستی دی؟ ځکه چې ظاهراً خو مونږ ته داسې څه نه ښکاری۔ بل دا جی چې زه یو بل چې پنجاب باندې دا وباء پروسکال راغلې وه جی نو زما په خیال په دیکښې څه عار نه دے که مونږ هغوی سره کښینو او د هغوی نه مونږ ایکسپرټس رااوغواړو او هغوی مونږ دلته کښینوؤ او هغوی سره مونږ خبره وکړو، هغوی ورله هغه مخصوص ماهران راغوښتی وو، د سری لنکا نه ئے ورله خپل ایکسپرټس راغوښتی وو، نو زما په خیال دا څه بده خبره نه ده که مونږ وایو چې یره تاسو مهربانی وکړئ مونږ سره په دیکښې مدد وکړئ۔ نو که د دې سوال جواب کوی نو زما په خیال که لاء منسټر صاحب ته څه نالج وی نو دا د هم وکړی، مهربانی د وکړی چې د دې ډینګی باره کښې دوئ څه Steps وچت کړی دی او دوئ به څه کوی د دې د پاره؟ ځکه چې پیښور کښې هم جناب والا، کیسز رپورټ شوی دی جی۔

جناب گوہر علی شاہ: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: گوہر علی شاہ صاحب، پلیز۔

جناب گوہر علی شاہ: شکریه، سپیکر صاحب۔ زما د منسټر صاحب نه د سوال نمبر 236 په حواله ضمنی سوال دا دے چې دا خوازه خیله هسپتال په رنګ د صوبې په نورو ضلعو کښې هم، د مردان په حواله دغسې د کاټلنګ تحصیل په حواله به زه خبره وکړم چې زمونږ ټائپ ډی هسپتال چې تقریباً زمونږ تحصیل په چھ لاکھ آبادئ باندې مشتمل دے او هغه هم دغسې KV 100 ټرانسفارمر خو په هغې کښې شته خو د فیول د نیشتوالی د وجې هغه ناکاره کیدو ته نزدے شوے دے۔ دغسې د ایکسرے که مشین وی نو په هغې کښې بیا د میټیریل، د فلمونو کمے وی، نو زه منسټر صاحب ته دغه خواست کوم چې په دغه حواله باندې تاسو دغه راکړئ، مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔ دا ضمنی کښې زه وایم چې لږ کوشش ورسره وکړئ جی۔ سردار بابک صاحب، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ اؤ بالکل دا سپلیمنټری، سپلیمنټری خو لږ زیات شو خو بعضې ایشو دومره اهم وی چې خدائے شته چې د هر چا په نظر کښې خپله خپله نکته وی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! که حکومت دا هم اووائی څکه اعلان شوے وو چې په ټولو هسپتالونو کښې دوایانې چې وی، دا به مفت وی او دلته محترم عمران خان صاحب هم راغلے وو، دلته ئے په لیډی ریډنګ هسپتال کښې افتتاح هم کړې وه او بیا په هغې ورځ باندې هینډآؤټ جاری شوے وو او بیا په بله ورځ په اخباراتو کښې هم راغلل چې څلور سوه او پنځوس ایډهاک ډاکټران چې دی دا بهرتی شو خو زمونږ د علم مطابق خو لا د هغې د پاره انټرویوز روانې دی، شارټ لسټنګ روان دے نو که د دې دوه خبرو وضاحت هم پکښې منسټر صاحب وکړی چې یو خو دا چې په ټولو هسپتالونو کښې که دا دوایانې مفت وی نو اوس هم مونږ ګورو چې د هر هسپتال مخامخ دا کوم پرائیویټ میډیکل سټورنه چې دی، هغه خو بالکل کهلاؤ دی، نو څنګه دا ممکنه ده که په هسپتالونو کښې دوایانې ټولې مفت وی، دا علاج ټول مفت وے نو بیا هغه خلق څنګه هلته ناست

دی چې هغه پرائیویټ دکانونه کهلاؤ دی؟ او دا بله خبره که ئے هم وکړه، مهربانی به وی۔

Mr. Deputy Speaker: Israrullah Gandapur Sahib, please for reply.

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر،ایک منٹ،ایک منٹ۔۔۔۔۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: یہ بھی اگر سر بات کر لیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں دوبارہ چانس دیدیتا ہوں، چانس دیدیتا ہوں۔جی،اسرار بھائی۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: چلو سر، یہ بھی سوال کر لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لږ دا اسرار صاحب زما خیال دے چې جواب وکړی جی، بهتر نه ده؟

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: اصل میں تین سے زیادہ جو ہیں نا۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب! میں اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ سوال انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور اگر صرف ذمہ داری پوری کرتے ہو یا عجلت میں اگر لاء منسٹر صاحب اس کو ٹال کر چلے جائیں تو صوبے کے مسائل میں اضافہ ہونے کی بجائے مزید وقت لگے گا۔یہ تو وہ علاقہ یاد کر رہے ہیں جیسا کہ خوازہ خیلہ ہے، مردان ہے اور یہ ہے،اور یہ اتنا گھمبیر مسئلہ ہے کہ کوہستان جیسے علاقے میں، میرے حلقہ نیابت میں ایک ٹی بی سنٹر بنا ہے جی،غازی آباد ٹی بی سنٹر کے نام سے اور اس میں بھی کافی عرصہ سے یہی مشینری اور لیبارٹری اور یہ ایکسرے پلانٹ وغیرہ پڑے ہیں لیکن اس کی دیکھ بھال کیلئے اور اس کو استعمال کرنے کیلئے اور اس کو عوامی مفاد عامہ میں لانے کیلئے کوئی آدمی موجود نہیں ہے، تو یہ بہت بڑا اہم گھمبیر مسئلہ ہے تو اس کیلئے میری تو یہ درخواست ہو گی کہ منسٹر صاحب اگر نہیں ہیں، ملک سے باہر ہیں تو اسکے آنے تک اس کو پینڈنگ رکھا جائے اور دوبارہ پھر ایوان میں لایا جائے تاکہ لوگ اپنے اپنے حلقوں کے مسائل بھی لائیں اور وہ ان کو پھر جوابات بھی دے سکیں۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر، پلیز۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: تھینک یو، سر۔ سر! ابھی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے متعلق اور بھی سوالات موجود تھے لیکن چونکہ یہ ایشو واقعی اتنا Important ہے کہ ان کے جو مسائل ہیں، وہ کافی توجہ طلب ہیں۔ اس میں سر، چونکہ بنیادی سوال قیموس خان صاحب کا ہے تو اس کے متعلق سر، ڈیپارٹمنٹ والوں سے جو میں نے اس کے متعلق بریف لیا تھا، ان سے میں نے یہ یقیناً کہا تھا کہ بعض اوقات آپ کی جو معلومات ہوتی ہیں، جو آنریبل ممبر کی ہوتی ہیں، اس میں فرق ہوتا ہے تو اس سلسلے میں آپ ہمیں یہ بتائیں کہ آپ کی کلیئر لائنز کیا ہیں؟ کیونکہ ہم ان کی جو انفارمیشن ہیں، اس کو Hundred percent نہیں کہہ سکتے کہ یہ جو ہیں، یہ ٹھیک نہیں ہوں گی اور ان کا جو جواب تھا، وہی میں آپ کے سامنے رکھوں گا کہ جو بھی ممبر صاحب، جیسے کہ اس ہاؤس میں مختلف طرف سے یہ Suggestions آئیں، زیادہ تر جو یہ مشینری پڑی ہوئی ہے، خراب حالت میں ہے اور یا مشینری جو ہے ناکارہ ہے اور یا اس کے خلاف ایک اور جو Allegation آتا ہے کہ یہ Welfull طریقے سے اس کو خراب کرکے پرائیویٹ جو پریکٹس ہوتی ہے، اس کو بہتر کرتے ہیں۔ تو اس قسم کی جن جن اضلاع سے ممبران صاحبان کی شکایت آئی ہے، منور خان صاحب کی آئی ہے مشینری کے حوالے سے، اس کے علاوہ مولانا صاحب کی آئی ہے اور اس کے علاوہ ٹرانسفارمر کے حوالے سے گوہر علی شاہ صاحب کی آئی ہے تو ڈیپارٹمنٹ کے سپیشل سیکرٹری صاحب یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ Notes لے رہے ہیں اور ان شاءاللہ ہم ان کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ ان کا جائزہ لیا جائے گا اور اس میں ان کی تسلی کرائی جائیگی اور ان شاءاللہ ان کو Inform کیا جائے گا کہ گورنمنٹ اس میں مزید کیا کر رہی ہے؟ دوسرا سر، کانگو وائرس کے متعلق بات ہوئی اور یہ سر، حقیقت ہے Unfortunately یہ کیس Reported ہے اور یہ اس طریقے سے سر ہوا کہ ایوب میڈیکل کالج جو ہے اور اس کا جو ہاسپٹل ہے، ایوب میڈیکل کمپلیکس، وہاں پہ یہ دو دن زیر علاج رہے لیکن وہاں پہ اس کی Diagnosis نہیں ہوئی۔ پھر اس کو ملٹری ہاسپٹل پنڈی لے گئے اور وہاں پہ بھی اس کے متعلق کوئی اس قسم کی تشخیص نہیں ہوئی لیکن PIMS میں اس کی تشخیص ہوئی لیکن جہاں تک سر، ہماری معلومات ہیں، اس میں Death نہیں ہوئی اور وزیر اعلیٰ صاحب جو

ہیں، انہوں نے بھی اس چیز کا نوٹس لیا ہے۔ کانگو وائرس میں جو Death rate ہے سر، وہ ڈینگی کے مقابلے میں کم ہے، وہ تقریباً کوئی 5% بتایا جاتا ہے تو ان شاء اللہ آنریبل ممبر صاحب تسلی رکھیں کہ اس کا نوٹس لیا جا چکا ہے اور اس سلسلے میں جو بھی اقدامات ہوں گے، وہ کریں گے۔ اس کے علاوہ سر ڈینگی وائرس کے متعلق احمد خان بہادر صاحب نے جو بات کی۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، اس میں اموات ہوئی ہیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، مجھے جو رپورٹ پہنچی ہے، اس میں نہیں ہے لیکن چونکہ یہ آج کا واقعہ ہے، ہو سکتا ہے کل تک پھر اخبارات میں آجائے اور ڈیپارٹمنٹ کو بھی اس کے متعلق پتہ چل جائے لیکن چونکہ جب وہ تشخیص کیلئے Out of Province چلے گئے تو وہ ہماری معلومات ان سے Cut off ہو گئیں۔ اس کے علاوہ سر، ڈینگی کے متعلق جو بات چیت ہوئی، یہاں پہ یہ حقیقت ہے سر، 14 اگست 2013 کو ڈینگی کے متعلق اخبارات کے حوالے سے اور پھر خان صاحب بھی گئے تھے اور اس کے ساتھ Delegation بھی تھا اور وہاں پہ Reported cases جو ہمارے پاس ہیں، وہ سر 3151 ڈینگی کے کیسز ہیں اور اس میں 250 جو تھے، اس وقت Admitted تھے، یہ ڈیپارٹمنٹ کے فگرز ہیں سر۔ اس میں سر ہم نے جو اقدامات کئے ہیں Rapid diagnostic کیلئے 6800 ان کو ہم نے Kits دی ہیں اور 1100 Bed nets دیئے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ہم یہ سمجھتے ہیں سر کہ یہ کافی نہیں ہیں اور اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ صاحب نے تقریباً چھ کروڑ کی علیحدہ ایک Amount کی آج Approval دی ہے اور وہ بھی سوات میں دی جائے گی۔ جو انہوں نے مردان کے متعلق ہمیں فگرز دیئے ہیں، واقعی سر، یہ کافی Alarming ہیں، بونیر میں اس کے متعلق کوئی نو کیسز Reported ہیں۔ اس کے علاوہ سر، ملاکنڈ ڈسٹرکٹ میں پانچ کیسز ہیں، پشاور میں بھی سر، اس کے 20 کیسز ہیں اور اس میں Death کے بھی دو Reported cases ہیں، KTH میں بھی سر اس کے علاوہ سات Reported cases ہیں اور اس کے علاوہ سر مردان کا فگر انہوں خود پیش کیا ہے، تقریباً 26 کے قریب ہیں، تو گورنمنٹ سر، اس سے غافل نہیں ہے اور یقیناً سر ہم سمجھتے ہیں کہ پنجاب ہمارا صوبہ ہے، ہم سارے آپس میں بھائی ہیں، یقیناً انکے جو Expertise ہیں، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ان کے ساتھ رابطہ میں ہے اور جہاں جہاں بھی ان کی ہمیں ضرورت ہو گی، یہ انسانی جانوں کا مسئلہ ہے اور ان شاء اللہ اس

میں ہم ان کی جو Expertise ہیں، ان سے بھرپور فائدہ کریں گے اور قیموس خان سے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس ایشورنس کے ساتھ کہ جو آپ نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ وہاں پہ وہ ناکارہ حالت میں ہے اور پرائیویٹ پریکٹس کو وہ تقویت دے رہے ہیں تو ان شاءاللہ میں سپیشل سیکرٹری کو ہدایات کر رہا ہوں، فلور آف دی ہاؤس پہ کہ وہ اس کا نوٹس لیں اور آپ کو رپورٹ کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ یہ کوسچن نمبر 299، جناب قیموس خان، ایم پی اے صاحب۔

* 299 _ جناب قیموس خان: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع سوات کی آبادی تقریباً 18 لاکھ افراد پر مشتمل ہے جبکہ سوات میں والئی سوات کے زمانے سے پرانا جیل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ جیل زلزلے سے متاثر ہوا ہے اور قیدیوں کو تیمر گرہ دیر ڈسٹرکٹ اور بونیر جیل میں بھیجا جاتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت سوات میں نیا جیل بنانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) جی ہاں۔ ضلع سوات میں ڈسٹرکٹ جیل کی تعمیر محکمہ جیلخانہ جات کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ 2005ء کے زلزلے سے جیل کی عمارت کو نقصان پہنچنے کے بعد جیل کی دوبارہ تعمیر کی ذمہ داری وفاقی حکومت کے ادارے (ERRA) کو 2007ء میں سونپی گئی، اس واسطے 54.240 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی اور سکیم کی انتظامی منظوری جنوری 2008ء میں دی گئی مگر سوات میں طالبان شورش اور اس کے نتیجے میں ہونے والے ملٹری آپریشن کی وجہ سے اس منصوبے پر کام تعطل کا شکار رہا۔ اس سلسلے میں محکمہ (C&W) نے ٹینڈرز جنوری 2008ء میں شائع کئے اور اسی مہینے جیل کی دوبارہ تعمیر کا ٹھیکہ بھی دے دیا۔ اسی سلسلے میں اکتوبر 2010ء میں جیل کی تعمیر کا کام شروع کرنے کیلئے پرانی عمارت کو گرانے کا کام مکمل کر لیا گیا مگر جیل کا کچھ حصہ جو کہ قابل استعمال تھا، سیکورٹی ایجنسیوں کی زیر تحویل ہونے کے باعث منصوبے پر

کام تاخیر کا شکار رہا۔ بعد ازاں یہ سکیم 11-2010ء کے PSDP سے کام میں تعطل کی وجہ سے خارج کر دی گئی۔ سوات جیل کی دوبارہ تعمیر کے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے محکمہ جیلخانہ جات نے سالانہ ترقیاتی پروگرام 14-2013 میں بحوالہ چٹھی نمبر WE-9107 مورخہ 28-03-2013 کو درج ذیل عنوان سے دو سکیمیں برائے منظوری حکومت کو بھجوائی ہیں۔

(1) سنٹرل جیل سوات کی تعمیر (Construction of Central Prison Swat) جس کی مالیت کا تخمینہ نو سو ملین (900 million) ہے۔

(2) ڈسٹرکٹ جیل سوات کی دوبارہ تعمیر (Re-construction of Central Prison Swat) جس کی مالیت کا تخمینہ 150 ملین ہے، تاہم بعض ناگزیر وجوہات اور دیگر اہم سکیموں کی موجودگی میں اس سکیم کو اس سال کی اے ڈی پی میں شامل نہیں کیا گیا اور ان شاءاللہ اس کو اگلے سال اے ڈی پی میں ڈالا جائے گا۔

جناب قیموس خان: جناب سپیکر، سوال نمبر 299۔ جناب سپیکر، په دېکښې څه تفصیلي جواب ما له راکړے شوے دے لیکن افسوس دا دے چې زه نه پوهیږم، په دیکښې په یو فقره کښې دوئ وائی چې مونږ ورته پی ایس ډی پی کښې یا پروګرام کښې 54 ملین روپئ مختص کړې وې لیکن په اخره کښې بیا وائی چې مونږ په دې کال کښې دا او نه غورزولے شو او په راتلونکی کال کښې به مونږ کوشش کوؤ، نو په دغه کال کښې چې دا پیسې غورزیدلې دی نو هغه پیسې څه شوې؟ لکه په دې بجټ کښې غورزیدلې دی یا په دې پروګرام کښې، دا سوال څه هیر پهیر غوندې دے جی، د دې ما ته معلومات نشته۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر!

جناب احمد خان بہادر: سپیکر صاحب! سر ضمنی کوئسچن دے زما۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی گوهر علی شاه صاحب د اول خبره وکړې، Sorry ji۔ جناب شیراز صاحب، جناب شیراز صاحب، پلیز۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ 85-5025 مورخہ 13 کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اس۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا تاسو بالکل کوئسچن، جدا کوئسچن ته لاړئ جی۔

جناب محمد شیراز: هغه هیلتهـ سره دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: هیلتهـ سره دے جی، دا د جیل کوئسچن دے جی، دا مونږ دې ټائم باندې، Sorry ji۔ جناب احمد خان بهادر صاحب۔

جناب احمد خان بهادر: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ Sir, unfortunately زما په خیال وزیر جیلخانه جات هم نشته جی، زما په خیال زه خو نوے یم، زه خو منسټران صاحبان نه پیژنم خو جناب والا، دا خو عجیبه غوندې روایت قائمیږی چې کوئسچنز وی او هغه متعلقه منسټر صاحب نه وی، حسب معمول به اسرار الله خان ګنډا پور صاحب بیا دا ډیر ښکلے جواب مونږ له راکړی۔ جناب والا، د جیل متعلق سوال دے، ما بله ورځ ستاسو یو Statement کتلے وو د ګورنمنټ جی، وائی چې ټول خطرناک قیدیان مردان ته راولو جی۔ زما ګزارش دا دے جی په مردان کښې مونږ یقیناً تیر شوی ګورنمنټ جیل جوړ کړے وو،د هغې آنریبل امیر حیدر خان هوتی صاحب او ما په شریکه افتتاح کړې وه جناب والا، هغه د دې نه دے چې تاسو د ټولې صوبې نه هغه خطرناک خلق راولئ او په مردان کښې ئے واچوئ جی۔ جناب والا، زما ګزارش دا دے چې د هغه ځائې عمله دومره Trained نه ده، د مردان د جیل عملې خو دا پوزیشن دے جی چې که تاسو چرته راغلئ په یو پښه کښې څپلئ وی او په بله پښه کښې چپله اچولې وی جی او هغه په جیل کښې منډې وهی، نو زما ګزارش دا دے چې مهربانی وکړئ دا څومره چې خطرناک قیدیان دی، یواځې مردان ته ئے مه لیږئ، دا ټوله صوبه ده چې کومو کومو ځایونو ته وی۔ بل جناب والا، د جیل هغې حساب سره مکمل حفاظت پکار دے۔ زمونږ هغه یو څو ورځې مخکښې واقعه شوې وه جی، هغه Unfortunately داسې واقعه وه چې زما په خیال خدائے د داسې واقعه بیا چرته هم نه کوی نو جناب والا، زما ګزارش دا دے چې کله اسرار الله خان ګنډا پور صاحب د دې جواب که کوی نو د دې د هم بیا وکړی۔ بل یو بل تپوس هم زه کوم جی، یو دوه درې ورځې مخکښې په مردان کښې دوئ جیل سپرنټنډنټ معطل کړے دے، دا د هم Reason وښائی چې اخر وجه څه وه چې دے معطل کړے دے؟ تهینک یو، مسټر سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سید جعفر شاہ صاحب، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ د سوات جیل په حوالې سره جی دا چې تیر حکومت کښې د دې باقاعده Approval شوے وو،د هغې د پاره د زمکې Identification هم شوے دے، زما خیال دے چې په هغې باندې پراسیس هم شروع وو۔ دوئ اوس وائی چې یو بل اهم سکیم راغلے وو چې مونږ هغه پیسې هغه بل اهم سکیم ته واړولې او دا جیل مو دا سې نیمګړے پریښودو، خلقو ته ډیر زیات تکلیف دے جی او د ټول ملاکنډ ډویژن قیدیان ټول په تیمرګره جیل کښې، هغوی سره Accommodation هم دومره نشته، نو هغه کوم یو Important scheme وو چې دا دومره Important منصوبه هغوی Cancel کړه په دې بجټ کښې او هغه پیسې ئے بل سکیم ته واړولې؟ د دې که لږ وضاحت وشی نو مهربانی به وی۔ بل به جی یو دا عرض کولو چې دا منسټران صاحبان له خیره بهر تلی دی، زیات، شاه فرمان صاحب نه دے تلے خو دا وه چې حکومت دا پابندی لګولې وه چې مونږ اخراجات کموؤ نو منسټران صاحبانو بیرونی دورې، هغه به کموؤ او اوس مونږ ته دومره په صحت کښې، زما په خیال باندې خو ټول تلی دی څکه شوک نشته نو، شاه فرمان دے او یو ګنډا پور صاحب دے، امجد آفریدی هم ناست دے، خو نور خو زما خیال دے جی ټول تلی دی که دا ټول بهر ته تلی وی نو جی دا ډینګی به خامخا راځی بیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نو تاسو څه خیال دے، تاسو ټولو د پاره کافی نه ده جی۔ (قہقہہ) اچھا جی۔ Reply کیلئے لاء منسٹر سے گزارش کرتا ہوں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، اصل میں ممبران صاحبان کے جو خدشات ہیں، وہ یقیناً قابل فہم ہیں لیکن اصل میں ایک اور ایشو بھی ہے، اس کو بھی دیکھا جائے۔ 13 جون کو سر! یہ کابینہ جو تھی، اس نے حلف لیا اور 17 جون کو بجٹ پیش ہوا تو اس میں Mostly جتنا بھی بجٹ اس سال کا تھا، بجٹ تقریر میں بھی یہ بات ہوئی کہ یہ زیادہ تر بیوروکریسی سے ہو کر گزرا ہے اور کابینہ کو صرف Approval کیلئے رکھا گیا تھا۔ ابھی ان منصوبوں کی PDWP ہونی ہے اور اس PDWP تک سر، چونکہ ریٹس جو ہیں وہ چیف منسٹر صاحب وہ بھی CSR کی بجائے مارکیٹ ریٹس پہ لا رہے ہیں تو میری یہ گزارش ہو گی کہ اگر سوات کے ایم پی ایز مناسب

جانیں،اس سلسلے میں باقاعدہ Application چیف منسٹر صاحب کو دیدیں کیونکہ وہ اگر سکیم ہے سہی تو وہ PDWP کے مراحل سے نہیں گزری ہے اور جیسا کہ اس سوال کے جواب میں بھی ہے کہ وہ مانتے ہیں کہ یہ اہم سکیم تھی لیکن دوسری کو Replace کیا گیا تو یقیناً یہ پہلے ان کا حق بنتا ہے لیکن میری یہ گزارش ہو گی کہ یہ Unity دکھا کے ایک Joint application چیف منسٹر صاحب کو دیدیں اور جو سکیم اس کی جگہ پہ آئی ہے تو یقیناً چیف منسٹر صاحب ان شاء اللہ اس کو Honour کریں گے۔ اس کے علاوہ سر! جیل سپرنٹنڈنٹ کی معطلی کا جو ایشو اٹھایا گیا ہے، محکموں میں سرتادیبی کارروائیاں ہوتی ہیں اور چیف منسٹر صاحب اگر ایک ایکشن لیتے ہیں سر، تو He is a Chief Executive اور اس میں ایک Competent forum بھی ہوتا ہے۔ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ اس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، ہمارا تو سر، مقصد اصلاح احوال کا ہے، تو میری یہ گزارش ہو گی کہ منسٹر صاحب اگر واقعی سمجھتے ہیں کہ اس کے ساتھ کوئی، ممبر صاحب سمجھتے ہیں زیادتی ہوئی ہے تو اس پہ فریش موشن لے آئیں اور ان شاء اللہ ہم اس کا باقاعدہ وہ TOR بھی دکھا دیں گے۔

<u>جناب احمد خان بہادر:</u> سر، دا یو اهم ایشو دے او دې باندې یو واضح----

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> سر، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ 'کونسیچنز آور' ہے اور اس کے جو Parameters ہیں، وہ Well defined ہیں۔ میں سر، یہ کہتا ہوں کہ اس میں اگر فریش موشن کے ذریعے آ جائیں، یہ Separate issue ہے-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ٹھیک ہے۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> اور جعفر شاہ صاحب نے وزراء کے اخراجات کے متعلق جو بات کی ہے یا Private trips کے متعلق، یہ جی بالکل ان کی بات ٹھیک ہے لیکن ایشو سر یہ بھی تھا کہ چیف منسٹر صاحب سمری پہ Approval دیں گے، تو جہاں جہاں پہ اگر ان کا جانا ضروری ہوتا ہے، زیادہ تر یا وہ پروگرامز Funded ہوتے ہیں اور اگر وہ Funded نہ ہوں، Provincial exchequer پہ بوجھ آئے تو چیف منسٹر صاحب سے باقاعدہ منظوری لی جاتی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی قیموس خان، پلیز۔

جناب قیموس خان: ما ته چې څومره علم دے جناب سپیکر، چې په یو سکیم کښې لس روپئ ټوکن ایشو شی، زما په خیال هغه Ongoing scheme وی، هغه څوک د اے ډی پی نه نشی ویستے۔ نن دا Ongoing scheme دے، اے ډی پی نه ویستلے شوے دے او دا خو لا بله خبره ده چې اوس دا زیارت تیر شو او بل زیارت نه تر بل زیارت مونږ ممبران جمع کیږو، بیا مونږ چیف منسټر له درخواست ورکوؤ نو دا په کوم قانون باندې چې کوم دے نو د اے ډی پی نه دا Ongoing scheme کټ شوے دے؟ صرف د دې خبرې دوئ مونږ له جواب راکړی، داسې ضروری خبره کومه ده جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، داسې وه چې وزیر اعلیٰ صاحب محترم خو دلته Repeatedly دا اعلان کړے وو چې دا حکومت چې دے، په دې حواله هم د تیر حکومتونو نه بدل دے او بقول محترم وزیر اعلیٰ صاحب چې په تیر وختونو کښې به وزیر اعلیٰ صاحب ډائریکټیو ورکولو، د سکیمونو منظوری یا نامنظوری به ئے ورکوله یا نن چې لاء منسټر صاحب دا خبره کوی چې اوس یو سکیم موجود دے په اے ډی پی باندې یا د هغې د منظورئ د پاره بیا هلته تګ، بیا مونږ په دې خبرې نه پوهیږو چې که Departmentally یو ځائې کښې فیزیبلټی موجود ده او یو سکیم هغه Reflect کوی نو بیا خو چونکه وزیر اعلیٰ صاحب پخپله هم داسې خبره کړې ده او ډیپارټمنټس موجود دی نو مونږ خواست دا لاء منسټر صاحب ته کوؤ، حکومت ته به هم دا خواست کوؤ که دا مرحله لږه اسانه کړی نو زما یقین دا دے چې ډیر به اسانه شی سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مہربانی، شکریہ جی۔ لاء منسٹر، پلیز۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: سر، اگر واقعی جیسے قیموس خان صاحب نے کہا کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک بہرام خان صاحب آپ سے ذرا کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ میرے خیال میں وہ بات کر لیں پھر آپ کو ٹائم دیتے ہیں جی، Reply کیلئے۔

جناب بہرام خان: محترم سپیکر صاحب! شکریه۔ زه د قیموس خان د دې 299 نمبر سوال نه فائده اخلم جی او دیر بالا کښې د ایم ایم اے په وخت کښې، د ایم ایم اے چې کله حکومت وو، هغه وخت کښې د جیل د پاره زمکه اخستې شوې ده، د دیر بالا جیل د پاره، هغلته زمکه حاضره ده هر څه شته، د نن ورځې پورې په هغه جیل باندې کار شروع نه شو۔ د دیر بالا ټول قیدیان چې څومره دی نو هغوی د دیر پائین جیل ته راځی چې هغه ورځ په ورځ باندې تنګیږی او خلقو ته ضرورت دے خو هغه جیل باندې تر اوسه پورې کار شروع نه شو، زمکه اخستې شوې ده، پیسې ورکړې شوې دی خو کومه زمکه چې اخستې شوې ده نو هغه په یو نوم باندې اخستې شوې ده او جیل اوس په بل ځائې کښې جوړیږی۔ نو زما محترم منسټر صاحب نه دا هم سوال دے چې کمیټۍ کښې جی دا هم شامل شی۔ دویم زما په حلقه کښې په واړئ سب ډویژن کښې شل کاله مخکښې یو سب جیل جوړ شوے وو چې هغه سب جیل په نوم باندې سب جیل دے او هغه د پولیس تهانه ئے ترې جوړه کړې ده۔ د پولیس څومره پولیس چې دی نو تهانه دوئ جوړه کړې ده، په هغه بلډنګ کښې هغوی وسیږی، نو دا دوئ په د کمیټی کښې به دې ضمنی کښې شامل شی چې د هغوی تحقیق وکړلے شی، که چرته د واړئ سب جیل سب جیل وی نو هغې کښې دا قیدیان او تهانه اوس جوړه شوې ده، زمونږ چې کوم پولیس دے، هغه د دې تهانې ته منتقل شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں تمام اراکین اسمبلی سے گزارش کرتا ہوں کہ کوئسچن کی حد تک اپنے آپ کو محدود رکھیں ایک بار، بہت مہربانی ہو گی۔Ji, Law Minister Sahib, for reply, please۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، میری گزارش یہ ہے کہ اگر اس کے "ج" میں دیکھا جائے تو آنریبل ممبر صاحب کے علم میں ہو گا کہ وقتاً فوقتاً مختلف حکومتیں اس سلسلے میں اپنے اقدامات کر چکی ہیں، کبھی اگر یہ مسئلہ تعطل کا شکار رہا تو زلزلے کی وجہ سے تھا، بعض اوقات ملٹری آپریشن اور اس کے بعد فلڈ کے حوالے سے یہ مختلف مراحل سے ہو کے گزرا ہے اور یہ مشکلات پیش آئی ہیں۔ جیسے انہوں نے کہا کہ یہ Ongoing (scheme) تھی اور اس کے باوجود بھی نکالی گئی ہے، یہ تو پھر سراسر محکمے کی غلطی ہے اور سستی ہے اور کاہلی ہے لیکن اگر یہ Kindly establish کرا دیں کیونکہ جہاں تک ہماری معلومات

ہیں، انہوں نے اے ڈی پی میں، نئی میں Propose کی تھی، اگر ان کے پاس کوئی Documented evidence ہے تو وہ Produce کریں، ہم محکمے سے پوچھیں گے اور اس کا ازالہ کیا جائے گا۔ (قطع کلامی) سر، اگر کوئی Documented ہے دیدیں، ان شاءاللہ ہم ازالہ کریں گے۔ باقی اس ہاؤس کی مرضی ہے، جیسے ان کو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب قیموس خان۔

جناب قیموس خان: جناب سپیکر! د سوات پہ سر ډالرې راغلې دی او ټول پاکستان پرې جوړیږی خو د سوات د یو سکیم اهمیت نه وو، هغه کټ شوے دے۔ زه دا غواړم چې دا سوال د کمیټۍ ته حواله شی چې پہ هغې باندې تفصیلی بحث وشی، متعلقه کمیټۍ ته۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سر، اصولاً میں ان سے اختلاف نہیں رکھتا لیکن اس گورنمنٹ سے تین ماہ میں، 13 جون کو کابینہ آئی، 17 جون کو بجٹ Present ہو لیکن اگر ہاؤس یہ سمجھتا ہے کہ یہ کمیٹی کو جائے لیکن اس میں بہتر یہ ہوگا کہ گزشتہ دور کے جو وزراء تھے تو پھر ان سے بھی اس میں پوچھا جائے۔ تھینک یو۔

Mr. Deputy Speaker: Ji. Question No. 299. Is it the desire of the House that Question No. 299, asked by the honourble Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr.Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Next Question is Question No. 237, Muhtarma Uzma Khan Sahiba.

* 237 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور میں 13-2012 میں کتنے مریضوں کا ڈائیلائسز کیا گیا ہے، تعداد بتائی جائے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ڈائیلائسز کرنے سے پہلے مریضوں کا ہیپاٹائٹس سکریننگ ٹیسٹ کیا جاتا ہے؛

(ج) اگر (ب) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ٹیسٹ کے اخراجات مریض کو ادا کرنا پڑتے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): (الف) لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں سال 13-2012 میں کل 2574 مریضوں کا ڈائیلائسز کیا گیا ہے۔

(ب) جی ہاں، ڈائیلائسز کرنے سے پہلے مریضوں کا ہیپاٹائٹس سکریننگ ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔

(ج) جی ہاں، ہر مریض کا ہیپاٹائٹس سکریننگ ٹیسٹ کروانے کیلئے 70 روپے وصول کئے جاتے ہیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ کوئسچن نمبر 237۔ جناب سپیکر! یہ Question basically میں نے Move کیا تھا کہ ہیلتھ منسٹر صاحب یہاں موجود ہوں گے تو میں مزید مسائل جو پیش ہیں ہسپتال میں، ان کی طرف ان کی توجہ مبذول کراؤں لیکن نہ تو ہیلتھ منسٹر صاحب موجود ہیں، نہ سیکرٹری صاحب موجود ہیں جبکہ انکی جگہ ایڈیشنل سیکرٹری صاحب آئے ہیں جناب سپیکر، ہونا یہ چاہیئے تھا کہ آج موجود ہوتے تو وہ مجھے جواب بھی صحیح دیتے۔ جناب سپیکر، میں نے پوچھا کہ کیا ڈائیلائسز سے پہلے ہیپاٹائٹس کے Patients کا سکریننگ ٹیسٹ کیا جاتا ہے؟ تو انہوں نے Answer دیا ہے "جی ہاں"، اگر منسٹر صاحب ہوتے تو میں ان سے یہ بھی پوچھتی کہ جن کا ٹیسٹ Positive آتا ہے، ان کو آپ کیا کرتے ہیں جناب سپیکر، کیا آپ کے پاس الگ مشین ہے کہ جن کا ٹیسٹ Positive ہو، ان کا ڈائیلائسز کرایا جائے جناب سپیکر؟ جناب سپیکر! یہاں سکریننگ صرف ایک رسید کی حد تک ہوتی ہے، 70 روپے لیکر ایک رسید دیدی جاتی ہے اور Formally ایک رپورٹ لکھ کر دیدی جاتی ہے، کوئی سکریننگ ٹیسٹ وہاں موجود نہیں ہے، اگر ہوتا جناب سپیکر، تو آپ نے بھی دیکھا ہوگا جب آپ نے نیا نیا اقتدار سنبھالا تھا تو میڈیا پہ یہ بات بڑے زور و شور سے چل رہی تھی اور بار بار ایل آر ایچ کے وہاں ویڈیوز دکھائی جارہی تھیں کہ کتنے Patients کے یہاں سے ڈائیلائسز کرانے کے بعد ہیپاٹائٹس Positive ہو گیا ہے جناب، Negative آتے ہیں لیکن ڈائیلائسز کے بعد وہ Positive ہو جاتے ہیں۔ جناب سپیکر! یہ ایک Important مسئلہ ہے۔ میرا مقصد صرف مسئلے کو اجاگر کرنا تھا اور میں اس سے پہلے بھی جناب سپیکر! شوکت یوسفزئی صاحب کے علم میں یہ بات لا چکی ہوں کہ ایل آر ایچ میں یہ ایک ڈائیلائسز مشین ہے، اس کے علاوہ ڈسٹرکٹس میں مشینیں پڑی ہوئی ہیں جناب سپیکر، کوئی Run کرنے والا نہیں ہے۔ جناب سپیکر، ڈی ایچ کیو دیر لوئر تیمر گرہ میں آج بھی جناب سپیکر، ایک بالکل Packed مشین پڑی ہوئی ہے ڈائیلائسز

کی، لیکن ٹیکنیشن تک نہیں ہے اس کو Run کرنے کیلئے اور کئی سال ہو گئے ہیں، پڑے پڑے خراب ہو رہی ہے جناب سپیکر۔ Kindly اگر اس کیلئے کسی Operator کو تعینات کیا جائے اس کو Operate کیا جائے تو ایل آر ایچ کا Burden بھی کم ہو گا۔ جناب سپیکر، We were expecting کہ گورنمنٹ آئے گی تو وہ نئے ریفارمز کرے گی ہیلتھ میں، لیکن جناب سپیکر، یہاں فوڈ پیکیج تقسیم کرنے کے علاوہ ہمیں کوئی نیا ریفارم دیکھنے میں نہیں آیا۔ علاج اگر Free ہے جناب سپیکر، یہاں ایک عنایت اللہ منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، ایم ایم اے کے دور میں وہ ہیلتھ منسٹر رہ چکے ہیں، ان سے پوچھ لیں جناب سپیکر، ایمر جنسی کی Facility اس دور میں بھی Free تھی۔ زکواۃ کے فنڈ سے مستحقین کا علاج اس وقت بھی کیا جاتا تھا۔ ہیپاٹائٹس کے ویکسین اس ٹائم بھی لگائے جاتے تھے جناب سپیکر، کوئی نئے ریفارمز جو ہیلتھ میں ہوئے ہیں تو Kindly مجھے ذرا بتا دیں۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد خان صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سر، د صحت پہ حوالہ سرہ کوئسچن زما خور عظمیٰ خان صاحبہ کڑے دے جی۔ جناب والا، پہ مردان ہسپتال کښې جی د هیپاټائٹس سی او د هیپاټائٹس بی د پارہ دوہ مشینان مختص شوی دی د ډائیلائسز د پارہ، هغې کښې ټول مشینان اته دی جی او دوہ (شور) سر، دا هاؤس لږ آرډر کړئ۔ بابک صاحب! تاسو جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، پلیز۔

جناب احمد خان بہادر: سر، مردان کښې اته مشینان دی د ډائیلائسز د پارہ، دوہ د هیپاټائٹس بی او هیپاټائٹس سی Patients د پارہ استعمالیږی، شپږ مشینان د Regular patients د پارہ استعمالیږی۔ جناب والا، دا مشینان دریوارہ پہ دریې شفټو کښې چلیږی۔ مونږ لہ کم از کم د مردان د پارہ پینځلس مشینان پکار دی چې مونږ هغه شانتې پرې خپل Patients facilitate کړو۔ جناب والا، زمونږ تقریباً دریې زرہ Per day patients راځی جی، زمونږ لیبارټری دہ جناب والا، پہ هغې کښې مونږ سرہ صرف دوہ مشینان دی د سکریننگ جی، یو مونږ سرہ مشین

دے 'لیزا' ورته وائی LIZA او بل جی پی سی آر مشین۔ جناب والا، په دې یو مشین Eliza چې کوم دے، په دې باندې مونږ سکریننګ کوؤ، دا مونږ له Up to 70% result راکوی۔ پی سی آر مشین مونږ له 100% پورې ریزلټ راکوی خو دا مونږ سره یو مشین دے جی، په دې باندې مونږ دا نه چې مونږ پرې هیپاټائټس بی او هیپاټائټس سی سکریننګ کوؤ، په دې باندې مونږ د ډینګی فیور او د ټی بی د دې د پاره هم مونږ دغه کوؤ۔ جناب والا، زما ګزارش دا دے چې مونږ له کم از کم، کم از کم دوه مشینان نور پکار دی۔ د دې نه علاوه جناب والا، زما خور خبره وکړه، مونږ تیر شوی ګورنمنټ کښې چې کله به دا د هیپاټائټس دا سکریننګ دا ټیسټونه وو، دا به مونږ فری کول جی، اوس ګورنمنټ د دې پیسې تقریباً دلته خو دوئ لیکلی دی چې اویا روپئ اخلی خو عام هسپتالونو کښې جی دوه سوه روپئ اخلی۔ جناب والا، که اسرار خان سره د دې جواب وی، هم به ډیره ښه وی او که نه وی نو مهربانی وکړئ دا کوئسچن هم کمیټئ ته ریفر کړئ ځکه ډیر بنیادی سوال دے او ډیر اهم جوابونه پکار دی چې په دیکښې راشی جی۔ تهینک یو، مسټر سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ میں گزارش کرتاہوں تمام اراکین اسمبلی سے کہ کوئسچنز آور میں یہ لانگ ڈسکشن سے ذرا گریز کیا جائے تو بہتر ہو گا اور لاء منسٹر صاحب سے گزارش کرتاہوں کہ یہ۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، پہلے تو میں آپ کی توجہ چاہوں گا، Page 20 پہ Rule 31. Time of question: Except as otherwise provided in these rules, the first hour of every sitting, after the recitation from the Holy Quran shall be available for asking questions. ابھی سر، ہم نے صرف دو سوالات نکالے ہیں اور آنریبل ممبرز کے اور بھی سوالات ہیں تو جیسے ہی یہ گھنٹہ ختم ہو گا، اس کے بعد اس Rule کے تحت ان ممبران کے جو سوالات ہونگے وہ Lapse ہو جائیں گے۔ میری یہ گزارش ہو گی ان سے کہ جنہوں نے سوالات کئے ہیں، ان Parameters کے اندر ہی ہم جوابات دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر کوئی تجاویز ہیں، مثبت تجاویز ہوں گی لیکن وہ کال اٹینشن کی شکل میں آئیں، ایڈ جرنمنٹ موشن کی شکل میں آئیں، اگر ہمیں ساری تجاویز اکٹھی دیں گے تو شاید اس سے ان کی جو اپنی بزنس ہے، وہ Affect ہو گی۔ محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ کا جی، جو سوال ہے، اس میں جو انہوں نے سوال کیا ہے، اس کا جواب دیا جا چکا ہے۔ انہوں نے

پوچھاہے ڈائیلائسرز کے متعلق اور پھراس کا پوچھاہے کہ اس پہ کتنے اخراجات آجاتے ہیں اور کیاچار جز ہیں؟ تو وہ تو سر ہم نے بتائیں ہیں۔ جہاں تک ریفارمز کی بات ہے، اگر ایم ایم اے دور میں کوئی اچھے اقدامات ہوئے ہیں،Endowment fund کے حوالے سے یا کوئی اور، تو سر، ہم ان کو مانتے ہیں، تسلیم کرتے ہیں لیکن سر، اس گورنمنٹ کا جو ہے، اپناایک طریقہ کار ہے، اس میں مختلف سطح پہ 'ورکنگ گروپس' ہیں اور یہ اس کی جو Devolution تھی، وہ30جون کے بعد دوبارہ ختم ہوکے واپس Province کو آگیاہے اور اس کے جواوپر کاایک سٹرکچر ہے سر، اس میں اگر آپ دیکھیں یہ Most complex department ہے۔ آپ کے کچھ ٹیچنگ ہاسپٹلز ہیں، کچھ آپ کے 'اے' کیٹیگری کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز کے ہیں، Tertiary کے آپ کے جو علیحدہ ہاسپٹلز ہیں تو ان سب کو علیحدہ ڈیل کرنا پڑتا ہے۔ پھر یہ Third largest department ہے ایجوکیشن، پولیس کے بعد ہیلتھ جو ہے اور Devolution کے بعد 14 ہزار جو فیڈرل گورنمنٹ کے پروگرامز تھے، ان کے ایمپلائز بھی آگئے ہیں تو میری یہ گزارش ہو گی آنریبل ممبر سے کہ ہمیں وقت دیاجائے تاکہ اس میں Improvement آسکے اور ان شاءاللہ انکے مشورے کے مطابق ہم چلیں گے سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر238، محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ سے گزارش ہے کہ وہ موؤکریں اپنا کوئسچن۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز جی، محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب! ٹائم دیدیں، چلیں سر، سن لیں، ٹائم دیدیں، ٹائم دیدیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد خان بہادر صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ اسرار خان خو سر د 'کوئسچنز آور' په حواله سره خبره وکړه۔ چونکه مونږ به یا ممبران نه یو یا اپوزیشن به ایم پی اے ګان نه وی نو په دې وجه باندې دا قانون زمونږ د پاره لاګو کیږی۔ پرون

سپیکر صاحب دلته ناست وو، ایجنډا ئے Five sixاو Seven skip کړه او خبره ئے خلاصه کړه۔ په هغې باندې خو پکار وه چې اسرار خان پاڅیدلے وے، مونږ ته Rule 24 (2) کښې (a) وائی: "the business for the day shall be transacted in the order in which it appears in the List of Business for that day;" ،-----

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک۔

جناب احمد خان بہادر: پکار دا ده چې دا قانون زمونږ د پاره وی نو چې دا بیا د ټولو د پاره وی کنه۔ مونږ خو به په دې باندې چلیږو جناب والا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان شاء اللّٰه قانون ټولو د پاره، د قانون په نظر کښې ټول برابر دی۔

جناب احمد خان بہادر: سر، پکار دا وو چې پرون بیا اسرار صاحب پاڅیدلے وے، سپیکر صاحب ته به ئے وئیلی وو کنه چې ته ولې دا ایجنډا نیمګړې پریږدې جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ، کوسچن نمبر 238، پلیز۔

* 238 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال مردان میں گائناکالوجسٹ کی منظور شدہ پوسٹیں موجود ہیں؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں کتنی پوسٹوں پر لیڈی ڈاکٹرز تعینات ہیں، نیز کتنی پوسٹیں کتنے عرصے سے خالی ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی(وزیر صحت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا):(الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مردان ہسپتال میں دو پوسٹیں گائناکالوجسٹ منظور شدہ ہیں جن میں ایک BPS-18اور BPS-19میں ہیں۔

(ب) ایک لیڈی ڈاکٹر عصمت عسکر گائناکالوجسٹ BPS-19 میں موجود ہے جبکہ ایک گائناکالوجسٹ BPS-18 کی پوسٹ عرصہ ڈیڑھ سال سے خالی ہے۔ اسکے علاوہ ایک عدد پوسٹ BPS-19 SWMOاور ایک پوسٹ BPS-19 WMOاور ایک BPS-18 کی پوسٹ خالی پڑی ہیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر! اس میں میرا ضمنی کوئسچن یہ ہے کہ مردان جناب سپیکر ایک بہت بڑا سٹی ہے اور وہاں کی ضروریات کا آپ کو بھی اندازہ ہوگا اور میں نے جن پوسٹوں کا پوچھا ہے، میں نے لیڈی ڈاکٹر گائناکالوجسٹ کا پوچھا تھا جناب سپیکر، وہاں پورے ہاسپٹل میں ایک گائناکالوجسٹ موجود ہے جبکہ ایک گائناکالوجسٹ ایک سینیئر وومن میڈیکل آفیسر، دوسری وومن میڈکل آفیسر بی پی ایس۔18 کی جناب سپیکر پوسٹیں خالی پڑی ہیں اور تقریباً ڈیڑھ سال سے پڑی ہیں جناب سپیکر، تو میری ریکویسٹ ہے ہیلتھ منسٹر صاحب سے کہ یہ کب Fill کریں گے؟ ہم تو یہاں بیٹھے ہیں، تو جب بھی ہاسپٹل بنتا ہے جناب سپیکر، کلاس فور بھرتی ہو جاتا ہے، ٹیکنیشن ہو جاتا ہے چوکیدار ہو جاتا ہے، ایک ڈاکٹر بھرتی نہیں ہوتا جناب سپیکر، کب تک یہ Fill کریں گے؟

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالستار خان، پلیز۔ عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سر، میں تھوڑا اسمبلی کوئسچن سے، Parameter سے تھوڑا آؤٹ ہوں گا، میں اس بات کو مانتا ہوں۔ میرا سپلیمنٹری کوئسچن ہے جی، ڈی ایچ کیو ہاسپٹل۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ صرف کوئسچن کی حد تک اپنے آپ کو محدود رکھیں، پلیز۔

جناب عبدالستار خان: سر، میں اس بجٹ میں کٹ موشن لایا تھا، اس میں میں نے ایک مسئلہ اپنے حلقے کے حوالے سے اٹھایا تھا، اس میں ہیلتھ منسٹر نے بڑا واضح جواب دیا تھا۔ میرا ڈی ایچ کیو ہاسپٹل داسو تقریباً Complete ہے، 80% اس پہ کام ہو چکا ہے، صرف External electrification کا کام رہتا ہے۔ تو میں نے گزارش کی تھی کہ کوہستان کے مخصوص حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اس میں جو پوسٹیں ہیں، ان کی Sanction آپ دیدیں ہمیں کیونکہ اس سے پہلے Rule میں بھی یہ رہا ہے اور ہماری ایک گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹل پالیسی بھی رہی ہے کہ جہاں پر 70% کام ہوا ہے، وہاں پہ ہم With condition پوسٹیں دیتے ہیں، سیکرٹری صاحب بھی بیٹھا ہوگا، کوہستان کے لوگوں کو بہت مشکلات ہیں، ہمیں ایبٹ آباد کمپلیکس آنا پڑتا ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ اس میں میرے اس ڈی ایچ کیو ہاسپٹل کیلئے جو بڑا Important

Institution ہے، بڑی محنت سے ہم نے بنایا ہے دو سالوں کے اندر، اس کیلئے Operational staff کی منظوری بھی دیدیں۔ یہ میری گزارش ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ دا فریش کوئسچن کېږي راځي جي۔

جناب احمد خان بہادر: سر، زما یو ډېر ضروری سپلیمنټری سوال دے، د مردان په حوالې سره دے جي۔

جناب ڈپٹی سپیکر: احمد خان صاحب! کوشش کوئ چې زیات ډسکشن نه ځان دغه کوئ، یو ټائم به۔۔۔۔

جناب احمد بہادر خان: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ سر، زما خور کوئسچن کړے وو د مردان په حوالې سره۔ مردان کښې جي ډسټرکټ هیډکوارټر هسپتال کښې دوه پوسټونه وو، یو18 یو 19 جي۔ په دې باندې ډاکټر عصمت عسکر ګائنا کالوجسټ په 19 کښې او 18والا پوسټ is vacant for the last one and a half year Sir۔ جناب والا، زما ګزارش دا دے چې مردان ایم ایم سی هسپتال کښې زمونږه تقریباً Up to Seventy patients delivery کیږي Per day، دا د ډسټرکټ هیډکوارټر هسپتال په حوالې سره دے، ډسټرکټ هیډکوارټر هسپتال تیر شوی ګورنمنټ Demolish کړے دے او هلته یو نوے هسپتال جوړیږي نو هغه زیات تر بوجھ په ایم ایم سی باندې دے۔ جناب والا، په ایم ایم سی کښې مونږ سره څلور ټیچنګ کیډرز دی جي، دوه پکښې مونږ سره ډسټرکټ سپیشلسټ دی جي۔ جناب والا، په دې ایم ایم سی باندې زمونږ د ټولو علاقو چار چاپیره علاقو ډیر زیات رش دے۔ مونږ سره جي دیکښې څلور وارډونه، دوه وارډونه دی او په هر یو وارډ کښې جي مونږ سره څلور ډاکټران پکار دی، یو ایسوسی ایټ پروفیسر پکار دے، یو پروفیسر پکار دے، یو اسسټنټ پکار دے، یو ایس آر پکار دے۔ مونږ له جي کم از کم اته نور پکار دی چې دا مونږ ته برابر شی۔ دویم جناب والا، چیف منسټر صاحب هغه بله ورځ راغلے وو مردان ته، هغوی د هسپتال وزټ کړے وو، هغوی هلته دا اعلان کړے وو چې زه به یوه هفته کښې دننه دننه ټول سټاف پوره کوم۔ ډاکټران، ټیکنیشنز، نرسز وغیره چې څومره کمے دے، هغه به زه پوره کوم، د هغې تقریباً شپږمه ورځ ده۔ جناب والا، ما ته د متعلقه ممبر

صاحب چې څوک د دې جواب راکوي نو هغوی د د دې جواب هم راکړی چې آیا په هغې کښې څه Steps وچت شوی دی تر اوسه پورې؟ بل جناب والا، Around the clock د او پی ډي یوه خبره کړې وه زمونږ آنریبل چیف منسټر صاحب، ما له د اسرار خان د دې هم جواب راکړی چې هغه د خبرې حده پورې وه او که نه عملی قدم په د یکښې پورته کیږی؟ تهینک یو، مسټر سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسرار گنڈاپور، پلیز۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: تھینک یو، سر۔ سر، گزشتہ دور حکومت میں ہمارے بعض ممبران اے ڈی پی کو ایم ڈی پی کہتے تھے، وہ Annual Development کی بجائے سمجھتے تھے کہ Mardan Development Program ہے تو یہ چیزیں شاید رہ گئی ہوں گی، بہر حال وزیر اعلیٰ صاحب جو تھے، نہایت شفیق آدمی تھے جو بھی ان کے پاس گئے، انہوں نے ان کا خیال رکھا۔ یہ شاید وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں اس وقت احمد خان بہادر یہ مشکلات سامنے نہیں لائے کیونکہ اگر لے آتے تو میرے خیال میں وہ تدارک بھی کر لیتے۔ ان شاءاللہ جی جہاں تک اس میں ایشوز ہیں، ان کا ہم تدارک کرینگے اور بالکل جہاں تک محترمہ کے سوال کا جواب ہے، اس میں سر، ایڈہاک پہ ہم اس وقت ڈاکٹر لیتے ہیں سر کہ جب آپ کے پاس وہ سیٹ ہو اور وہ ڈاکٹر وہاں پر Available نہ ہو یا وہ چھٹی پر گیا ہو۔ کنٹریکٹ کا ایک اپنا Pattern ہے، جو 203 ایڈہاک ڈاکٹرز تھے، ان کو ایک سال کی Extension مل چکی ہے۔ اس کے علاوہ 300 ایم او ز ہیں سر، ان کا Temporary پوسٹوں پر ہم نے ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی کے تحت، اس کا تقریباً وہ سارا پراسیس مکمل کر لیا ہے اور وہ بھی ہمارے سسٹم میں داخل ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ سر 304 نرسز جو ہیں، ان کا بھی تقریباً پروگرام جو ہے، وہ فائنل ہے، پندرہ سے بیس دن میں وہ بھی سسٹم کی Improvement کیلئے محکمے کے Disposal پر ہونگی۔ جہاں تک 18 اور 19 کا مسئلہ ہے، اس میں یہ ہوتا ہے کہ جب بھی آپ ریکوزیشن کرتے ہیں تو پہلے پبلک سروس کمیشن اگر این او سی دیدیتا ہے تو پھر آپ ان کی ایڈورٹائزمنٹ کے ذریعے ایڈہاک پہ یا کنٹریکٹ پر اپوائنٹمنٹ کر سکتے ہیں اور اگر پبلک سروس کمیشن آپ کو Allow نہ کرے تو یہ پوسٹیں چونکہ پبلک سروس کمیشن کے Purview میں آتی ہیں تو ہمیں اس کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔ محکمے سے اس سلسلے میں سر میری بات ہوئی، انہوں نے یہ کہا کہ پبلک سروس کمیشن نے ہمیں این او سی نہیں دی اور

انہوں نے کہا کہ تقریباً ہمارے انٹرویوز وغیرہ مکمل ہو چکے ہیں اور یہ 18 اور 19 کی پوسٹیں جو ہیں، وہ ان شاء اللہ ہم آپ کو جلد Fill up کرادینگے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ کوئسچن نمبر 239، محترمہ عظمیٰ خان، ایم پی اے صاحبہ۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر، تھینک یو۔ دیکبنې یو پوائنټ وو ما وئیل چې دا شے Alphabetically روان دے، اوس دا هسې نه چې د M نه N شی، نوشهره ډیویلپمنټ پروګرام۔

جناب سپیکر: جی اسرار گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: (ہنسی) سر! میرے خیال میں وزیراعلیٰ صاحب جو ہیں، وہ اس قسم کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے اور ان شاءاللہ تمام ممبران کو اپنا پورا حصہ ملے گا۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ کوئسچن نمبر 239، محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ۔

* 239 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) خیبر ٹیچنگ ہسپتال پشاور میں خیبر میڈیکل کالج کے طلباء کو ہاؤس جاب کیلئے ایڈجسٹ کیا جاتا ہے جس میں کچھ سیٹیں خیبر میڈیکل کالج کے طلباء کے علاوہ دوسرے میڈیکل کالجز کے طلباء وطالبات کیلئے مختص کی جاتی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2011 اور 2012 میں مذکورہ ہسپتال کے ہر Batch میں خیبر میڈیکل کالج اور دیگر میڈیکل کالجوں کے کتنے طلبا کو ہاؤس جاب دیا گیا، ہر ایک کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 2011 (Annual Graduates) جونیئر ہاؤس جاب 28-01-2011 تا 27-7-2011

خیبر میڈیکل کالج 99

ایوب میڈیکل کالج 4

بولان میڈیکل کالج 1

سیدو میڈیکل کالج 1

سینیئر ہاؤس جاب 28-07-2011تا27-07-2012

خیبر میڈیکل کالج 78

سیدو میڈیکل کالج 3

آرمی میڈیکل کالج 1

ایوب میڈیکل کالج 4

گومل میڈیکل کالج 4

--------------------------------

سپلیمنٹری گریجویٹس جونیئر ہاؤس جاب 01-06-2011تا31-05-2012

خیبر میڈیکل کالج 29

ایوب میڈیکل کالج 4

فاطمہ جناح میڈیکل کالج 2

بولان میڈیکل کالج 4

آرمی میڈیکل کالج 1

سینیئر ہاؤس جاب 01-12-2011تا31-05-2012

خیبر میڈیکل کالج 13

سیدو میڈیکل کالج 1

ایوب میڈیکل کالج 4

لیاقت میڈیکل کالج 3

فاطمہ جناب میڈیکل کالج 2

پنجاب میڈیکل کالج 2

راولپنڈی میڈیکل کالج 1

بولان میڈیکل کالج 1

پرائیویٹ میڈیکل کالج 4

فارن گریجویٹس 2

سال 2012 جونیئر ہاؤس جاب 06-02-2012 تا 05-02-2013

خیبر میڈیکل کالج 110

گومل میڈیکل کالج 1

سینیئر ہاؤس جاب 06-08-2012 تا 05-02-2013

خیبر میڈیکل کالج 107

گومل میڈیکل کالج 1

ایوب میڈیکل کالج 1

--------------------------------------------

سپلیمنٹری گریجویٹس جونیئر ہاؤس جاب (Annual Graduates) 1-6-2012 تا 30-11-2012

خیبر میڈیکل کالج 29

کوہاٹ میڈیکل کالج 4

گومل میڈیکل کالج 5

ایوب میڈیکل کالج 1

نشتر میڈیکل کالج 1

لیاقت میڈیکل کالج 1

نواب شاہ میڈیکل کالج 1

سینیئر ہاؤس جاب 1-12-2012 تا 31-5-2013

خیبر میڈیکل کالج 26

کوہاٹ میڈیکل کالج 8

گومل میڈیکل کالج 5

ایوب میڈیکل کالج 1

---

جونیئر ہاؤس جاب(Annual Graduates) 2012-10-16تا2013-4-15

خیبر میڈیکل کالج 81

ایوب میڈیکل کالج 8

کوہاٹ میڈیکل کالج 5

بنوں میڈیکل کالج 4

سیدو میڈیکل کالج 1

محترمہ عظمیٰ خان: سر میں کوئسچن نمبر239 سے Satisfied ہوں،اس Answer سے۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر240، محترمہ عظمیٰ خان،ایم پی اے۔

* 240 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیاوزیر صحت ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں سال 2008 سے 2013 تک ڈاکٹروں کی مختلف پوسٹوں پر بھرتیاں ہوئی ہیں؛

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو سال 2008 سے 2013 تک لیڈی ریڈنگ ہسپتال کی انتظامیہ کے تحت ڈاکٹروں کی کتنی بھرتیاں کن کن سکیل اور پوسٹوں پر ہوئی ہیں، بھرتی کاطریقہ کار کیاتھا، نیز بھرتی شدہ ڈاکٹروں کے کوائف اور تعلیمی قابلیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی(وزیر صحت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف)جی ہاں، یہ درست ہے کہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں سال 2008 سے 2013 تک ڈاکٹروں کی مختلف پوسٹوں پر بھرتیاں ہوئی ہیں۔

(ب) 1۔66 سینیئر رجسٹرار، سکیل18۔

2۔27اسسٹنٹ پروفیسرز، سکیل18۔

طریقہ کار: مروجہ قانون کے مطابق میرٹ کی بنیاد پر، تعلیمی قابلیت FCPS یا اس کے برابر کوالیفیکیشن۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میرے پچھلے کوئسچن کی Reply بھی منسٹر صاحب نے کہا کہ جو Answer آپ نے چاہا تھا، وہ آپ کو مل چکا ہے۔ جناب سپیکر، اس میں جو Answer میں نے چاہا، وہ مجھے نہیں ملا۔ میں نے پوچھا ہے کہ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2008 سے 2013 تک لیڈی ریڈنگ ہسپتال کی انتظامیہ کے تحت ڈاکٹروں کی کتنی بھرتیاں کن کن سکیل اور پوسٹوں پر ہوئی ہیں، بھرتی کا طریقہ کار کیا تھا، نیز بھرتی شدہ ڈاکٹروں کے کوائف اور تعلیمی قابلیت کی مکمل تفصیل فراہم کریں؟ جناب سپیکر، مجھے بتایا گیا ہے کہ 66 سینیئر رجسٹرار، 27 اسسٹنٹ پروفیسرز، بس ان کو بھرتی کیا گیا۔ جناب سپیکر، آپ Answer دیکھیں اور جناب سپیکر، میرا کوئسچن دیکھیں، یہ کوئسچن یا تو میں چاہونگی کہ آپ کمیٹی کو ریفر کریں یا یہ کوئسچن Back آپ اس انتظامیہ کو ریفر کریں، مجھے Detailed answer چاہیئے اور جناب سپیکر، ان کے خلاف کارروائی بھی ہونی چاہیئے، میرا پریویلج بریک ہوا ہے، اس ایوان کا پریویلج، جناب سپیکر ہم کوئسچن کیا کر رہے ہیں اور وہ Answer کیا دے رہے ہیں؟ میں آج بھی آپ کو جناب سپیکر صاحب ثبوت کے ساتھ بتا سکتی ہوں کہ یہاں ایم اوز کی بھرتیاں ہوئی تھیں، پچھلے سال میں بھرتیاں ہوئی تھیں جناب سپیکر، جہاں 66 سینیئر رجسٹرار بھرتی ہوئے تو کم از کم جناب سپیکر، وہاں دو سو میڈیکل آفیسرز بھرتی ہوئے ہیں، کوئی ریکارڈ نہیں دیا گیا جناب سپیکر، ان پوسٹوں کو ایڈورٹائز تک نہیں کیا گیا اور جناب سپیکر، جن جن لوگوں نے Apply کی بھی تھی تو اپنے من پسند جن کو بھرتی کرنا تھا، ان کو Contact کر کے بلایا گیا اور باقی لوگوں کو بلایا بھی نہیں گیا انٹرویو کیلئے۔ جناب سپیکر، میں چاہتی ہوں یہ کوئسچن کمیٹی کو ریفر ہو تو بہت اچھا ہو گا جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ سپیشل سیکرٹری ہیلتھ بھی میرے خیال میں موجود ہیں جی، ان سے بھی گزارش ہے کہ وہ یہ نوٹ کریں اور اسرار گنڈاپور صاحب اگر اس کا کوئی جواب دیتے ہیں Valid، تو تھینک یو۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: بالکل سر، محترمہ کی جو بات ہے، وہ بالکل صحیح ہے اور اس سوال کا جو جواب آنا چاہیئے تھا، تفصیل انہوں نے مانگی ہے اور وہ مکمل فراہم نہیں کی گئی۔ تو اگر وہ اس کو پینڈنگ کرائیں تاکہ دوبارہ Put up ہو اور یا اس کو کمیٹی کو ریفر کرائیں، گورنمنٹ Agree ہے، جیسے ان کو مناسب لگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ عظمیٰ خان، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، کمیٹی کو ریفر کردیں، کمیٹی کو ریفر کردیں سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی؟

محترمہ عظمیٰ خان: کمیٹی کو ریفر کردیا جائے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Question No. 240, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Ji Sardar Babak, please.

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! ستا سو هم په نوټس کښې ده چې د اسمبلۍ بزنس او بیا خاصکر کوئسچنز آور، اکثر سوالونه داسې وی جی په اسمبلۍ کښې دومره وخت نه وی چې ډسکشن پرې وشی، حکومت هم مجبور شی او اپوزیشن هم مجبور شی چې هغه به مونږ کمیټو ته ریفر کوؤ۔ تاسو وګورئ چې څلورمه میاشت ده او سټینډنګ کمیټۍ چې مونږ په دې هاؤس کښې سپیکر صاحب له اختیار ورکړے دے، بیا مونږ په دې خبره نه پوهیږو چې څه هغه مشکل دے چې تر اوسه پورې دا کمیټۍ چې دی، دا نه جوړیږی؟ یوه۔ دویمه دا بل طرف ته خو بیا زه دا ګڼم چې دومره سنجیدګی نشته چې هغه سټینډنګ کمیټۍ د جوړې شی او بل طرف ته 32 پارلیمانی سیکرټریان واخستلی شو، د هغوی نوټیفیکیشن وشو او په هغه نوټیفیکیشن کښې دا ولیکلی شو چې د هغوی کوم مراعات دی یا د هغوی کوم سهولیات دی دا به Separately notify کیږی۔ نو اوس چې کوم 32 پارلیمانی سیکرټریان اخستی شوی دی، هغوی ته هم پریویلجز، چې کوم ګاډی دی، دفترې دی یا سټاف دے یا تنخواګانې دی، د هغې اعلان هم لا نه دے شوے۔ زمونږ خو جی حکومت ته دا ګزارش دے چې مهربانی د وکړی د اسمبلۍ

دا بزنس چې دے، دا ډیر زیات سنجیده دے، ډیر زیات اهم دے، زمونږ د اپوزیشن په پارټ باندې سپیکر صاحب! چې تاسو کوم ځائې کښې هم کښې، د سټینډنګ کمیټیو په حواله باندې مونږ به تاسو سره کوآپریشن کوؤ خو مونږ دوه درې وارې د سپیکر صاحب نه دا خبره واوریده چې په دې باندې مشاورت روان دے نو پرون زمونږ یو Colleague پاڅیدو چې آیا دا مشاورت چا سره روان دے؟ دلته زمونږ لیډر آف دی هاؤس ناست دے، زما یقین دا دے چې څه ته مشاورت وائی چې څه ته کوآرډی نیشن وائی، باضابطه طور باندې مونږ سره د هغې د پاره رابطه نه ده شوې۔ مونږ ریکویسټ دا کوؤ چې سټینډنګ کمیټئ د زر تر زره جوړې شی څکه چې د اسمبلئ کارروائی خو روانه ده نو ستاسو به ډیره زیاته مهربانی وی سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ کوئسچن نمبر 241، مظفر سید صاحب، پلیز۔ چونکہ 'کوئسچنز آور' میں صرف دس منٹ میرے پاس رہ گئے ہیں اور کوئسچنز ابھی بہت ہیں تو مہربانی کریں، 'کوئسچنز آور' میں صرف۔۔۔۔۔

جناب مظفر سید: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! دیکښې خو زمونږ سوالونه هم دی نو هغه به۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: راځی به ان شاء الله، راځی به۔ مظفر سید صاحب، سوال نمبر 241۔

جناب مظفر سید: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ کوئسچن نمبر 241۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 241 _ جناب مظفر سید: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-95 ضلع دیر پائین میں تحصیل ہسپتال ثمر باغ، مایار اور منڈا ہسپتالوں میں کل کتنی منظور شدہ آسامیاں ہیں، ہر ایک آسامی کا نام، گریڈ اور Speciality کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے؛

(ب) مذکورہ ہسپتالوں میں کتنی آسامیوں پر تعیناتی کی گئی ہے، بھرتی شدہ کے نام، ولدیت، ڈومیسائل، عہدہ، گریڈ، تعیناتی کی تاریخ، بھرتی کیلئے دیئے گئے اخباری اشتہار کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز فی الوقت کتنی آسامیاں خالی پڑی ہیں اور کب سے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ ہسپتالوں میں ٹی ایم اوز اور سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی آسامیاں خالی پڑی ہیں جن پر ابھی تک کسی کی پوسٹنگ نہیں کی گئی ہے جبکہ ان ہسپتالوں میں دیگر عملہ بھرتی کیا گیا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ٹی ایم اوز اور سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی کل کتنی آسامیاں خالی ہیں اور کب سے؛

(ii) ٹی ایم اوز اور سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی عدم موجودگی کے باوجود دیگر عملے کی تعیناتی کی ضرورت کیا تھی، وجوہات بیان کی جائیں نیز حکومت ٹی ایم اوز اور اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کی ان خالی آسامیوں کو کب تک پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ثمر باغ، کیٹیگری ڈی ہسپتال مایار اور منڈا میں کل 271 مختلف آسامیاں ہیں۔ (ہسپتال وائز تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

(ب) مذکورہ ہسپتالوں میں کل 30 مختلف آسامیوں پر تعیناتی کی گئی ہے جن کو اخبار میں مشتہر کیا گیا تھا۔ (بھرتی شدہ افراد کے بارے میں تفصیل اور فی الوقت PK-95 کی خالی آسامیوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

(ج) مذکورہ ہسپتالوں میں ٹی ایم اوز کی منظور شدہ آسامیاں نہیں ہیں، البتہ مذکورہ ہسپتالوں میں فی الوقت 18 ڈسٹرکٹ سپیشلسٹ کی آسامیاں خالی پڑی ہیں جو کہ سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی کمی کی وجہ سے ابھی تک پر نہیں کی جا سکی ہیں، البتہ حکومت نے 290 سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی ریکوزیشن پبلک سروس کمیشن کو بھیجی ہے جوں ہی ان کی Recommendation ہو جائے تو ان کو مختلف اضلاع میں تعینات کیا جائے گا، جس میں ضلع لوئر دیر بھی شامل ہے۔

(د) (i) ٹی ایم اوز کی منظور شدہ آسامیاں نہیں ہیں اور سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی خالی آسامیوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ii) سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی عدم موجودگی میں دیگر عملے کی تعیناتی مذکورہ ہسپتالوں میں مفاد عامہ کی بناء پر کی گئی ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

جناب مظفر سید: زما ریکویسټ دا دے ، ما چې دوئ نه کوم سوالات کړی دی، تو مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بڑے بڑے ہسپتال اور اس کی بلڈنگز تو بنی ہیں، ابھی تک اس میں علاج معالجے کا کوئی باقاعدہ انتظام نہیں ہے۔ ہم اتنی جلدی میں ہیں کہ کلاس فور کی اپوائنٹمنٹ تو بہت جلد ہم کراتے ہیں، پانچ چھ سال گزرنے کے باوجود اس میں نہ تو کوئی سپیشلسٹ ہے، نہ کوئی ٹی ایم او ہے اور نہ کوئی لیبارٹری، اس انداز میں ہے۔ میرا ایک ضمنی سوال ہے، سوال اس میں یہ ہے کہ نان ٹیکنکل لوگوں کو انہوں نے بھرتی کیا ہے، کمپیوٹر آپریٹر پہ کوئی بندہ کمپیوٹر جانتا ہی نہیں اور اس کو بھرتی کرایا گیا ہے، ایکسرے مشین اس نے دیکھا بھی نہیں ہے اور ان کو ایکسرے مشین پہ، میں ثابت کرا سکتا ہوں کہ اس میں ایسے لوگوں کو بھرتی کرایا گیا ہے جو فیل ہیں، ڈپلومہ ہولڈرز بھی نہیں ہیں، اس کی Recommendation اور اس کی اپوائنٹمنٹ میں تو ہم بہت جلدی آگے چلتے ہیں اور ٹی ایم اوز خالی ہیں، سپیشلسٹ خالی ہیں، علاج معالجے کا کوئی انتظام نہیں ہے، سویپر (کی آسامی) پر ہم مسلمان لوگوں کو وہاں بھرتی کراتے ہیں اور پھر جھاڑو دینے پر اس کو شرم بھی آتی ہے، وہ کہتا ہے کہ میں تو مسلمان ہوں۔ تو سر! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس میں جو جوابات دیئے گئے ہیں، مثلاً میں نے اخبار کے اشتہار کی بات کی ہے، انہوں نے ویسے 'ہاں' کی ہے لیکن تفصیل نہیں دی گئی ہے۔ تو اس سوال کا اس نے بالکل رول گول جواب دیا ہے۔ میری ریکویسٹ یہ ہے کہ اس کو ایک بنیاد بنا کر تمام ہسپتال کا اس میں آپ علاج نکال سکتے ہیں۔ ہم تو دعوے کرتے ہیں کہ ہم لوگوں کو Facilitation دینگے ہیلتھ سائڈ پہ اور ایجوکیشن پہ، اور مجھے یقین ہے کہ گورنمنٹ اس میں سنجیدہ ہے، اگر گورنمنٹ اس میں سنجیدہ ہے تو میری ریکویسٹ یہ ہے لاء منسٹر صاحب سے کہ وہ یہاں فراخدلی سے کام لیں، اس میں انکوائری آرڈر کریں تاکہ وہ Thrash out کریں اور اس کو پتہ چلے کہ کتنے گھپلے اس میں ہوئے ہیں؟ تو میری یہ ریکویسٹ ہے کہ یہ کمیٹی کو ریفر کیا جائے تو یہاں اس کے ریزلٹس آجائیں گے سامنے، ان شاءاللہ۔

ایک رکن: مونږ له هم لږ وخت-----

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: منور خان پلیز۔ د رکوم۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ جیسے کہ مظفر سید صاحب نے جو کوئسچن کیا سر، میں اس ہاؤس کی توجہ اور خاص کر میڈیا کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ لکی ڈسٹرکٹ میں ڈی ایچ او کی پوسٹ پر جو کہ 19 گریڈ کی ہے، اس پہ 18 کا بندہ لگادیا گیا ہے جو 'نان کیڈر' ہے، مینجمنٹ والا نہیں ہے اور ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر جو 19 کی ہے، وہاں پر انہوں نے 18 کا بندہ لگایا ہے۔ تو میں جناب عالی، اس ہاؤس سے یہ پوچھتا ہوں کہ تحریک انصاف جو کہ انصاف کی دعویداری بھی کرتی ہے اور اس قسم کے Decisions اور فیصلے کرتی ہے جو کہ Totally against ہیں۔ قانون بنا ہے کہ جنرل کیڈر اور مینجمنٹ کیڈر انہوں نے بالکل Separate کئے ہوئے ہیں لیکن وہاں پر سر ڈی ایچ او کی پوسٹنگ جو ہے، 18 بھی ہے اور جنرل کیڈر بھی ہے اور جو مینجمنٹ کا بندہ تھا، اس کو انہوں نے وہاں سے ٹرانسفر کیا سر۔ شاید لوگ اب اس لئے مجبور ہو گئے کہ حکومت کی طرف سے ان کی کوئی بات نہیں سنی جاتی، اب لوگ عدالت کو جارہے ہیں اور ہائی کورٹ میں اس کو چیلنج کیا ہے اور ان کو Stay دیا ہے۔ میں میڈیا کے ذریعے سے اور اس ہاؤس کو کم از کم یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اے تحریک انصاف والو Kindly اپنا رویہ بدلو اور جو آپ کا Slogan تھا، جو آپ کا نعرہ تھا الیکشن کے دنوں میں، اسی پہ آجاؤ اور وہی کام شروع کرو۔ تھینک یو، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نوابزادہ ولی محمد خان، پلیز۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب! زمونږ خو مظفر سید صاحب او احمد بهادر خان او عظمیٰ خان خپل سوالونه او دغه خو ئے پیش کړل خو د افسوس خبره دا ده چې دوئ خو مشینری غواړی او زمونږ یو هسپتال دے په بټګرام کښې، په کروړونو روپو جوړ دے چې د هر څه نه مالا مال دے خو د افسوس خبره دا ده چې پکښې ډاکټران نشته جی۔ اوس هم په دیکښې45 پوسټونه سینکشن شوی دی، په دیکښې15 ډاکټران دی او 25 هغه پوسټونه هم دغسې خالی پراته دی او دې سره مطلب دا دے چې په هسپتال کښې کوم دغه پوسټونه دی، 16 چې کوم دی، دا د نرسنګ پوسټونه هم خالی پراته دی نو دې سره چې کوم دا پوسټونه دی، په هر څه کښې لکه مطلب دا دے میډیکل سپیشلسټ دے 19 ګریډ دے او د دوئ یو پوسټ دے ، دا هم خالی پروت دے۔ دغسې د سینیئر میډیکل آفیسر دړې پوسټونه دی نو دا خو پکښې شته خو ډپټی میډیکل سپرنټنډنټ دے جی، دا یو

پوسټ دے ، یو ، اوس هم خالی دے۔ دغسې تقریباً زه جی چې تاسو ته شمار کړم نو په سینیئر میډیکل دا خو ټول دی ، دا پوسټونه چې دی ، دا زمونږ دې په بټګرام هسپتال کښې اوس هم خالی دی او دغې د پاره ما منسټر صاحب ته او جناب سیکرټری هیلتھ صاحب ته هم دا Mark کړی دی خو افسوس خبره دا سې ده چې تر اوسه پورې په دې باندې هیڅ کارروائی هم ونشوه۔ زما دا ریکویسټ دے چې ځوک خو د مشینری سوال کوی او ځوک د څه سوال کوی خو زما وزیر اعلیٰ صاحب او دې ټول ایوان ته دا سوال دے چې د خدائے د پاره د تحریک انصاف حکومت دے او دې هسپتالونو ته د دا ډاکټران ولیږی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب شیراز صاحب۔

جناب محمد شیراز: شکریہ، سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ڈی جی ہیلتھ کے ایک لیٹر نمبر 5025/85 مورخہ 15-08-2013 کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔اس لیٹر کا سبجیکٹ یہ ہے کہ Appointment on vacant posts، یہ لیٹر ڈی جی ہیلتھ سروسز نے تمام ڈی ایچ اوز اور ایم ایس کو جاری کیا ہے۔ اس لیٹر میں نوٹ لکھا گیا ہے کہ No appointment order should be issued regarding class IV، میں آپ کی وساطت سے وزیر صحت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس فقرے کی وضاحت کریں اور بتایا جائے کہ کلاس فور کی بھرتی کا طریقہ کار جو ہے، آیا وہ ضلع کی سطح پر ہو گی یا صوبائی سطح پر ہو گی؟ اسی طرح ہر ایک محکمہ میں، صرف ڈی جی ہیلتھ نے نہیں، ہر ایک محکمہ نے اس طرح لیٹر بھیجا ہوا ہے، اس کی وضاحت کی جائے۔ میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ کلاس فور کی بھرتی جو ہے، ہر حلقے میں ایم پی اے کے ایما پر کی جائے۔ ایک چیز جناب والا، میں آپ کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں، جس طرح منور خان نے کہا ہے کہ یہ انصاف کی حکومت ہے اور اس میں چیف منسٹر صاحب نے یہ کہا تھا کہ ہر ایک ایم پی اے اپنے حلقے کا چیف منسٹر ہو گا لیکن میں یہ بات ادھر ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ جو لوگ ہم سے ہارے ہوئے ہیں، وہ محکموں میں بے جا مداخلت کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

آوازیں: شیم، شیم

جناب محمد شیراز: کل کو کوئی ایسا واقعہ پیش آیا، ان لوگوں کو بتایا جائے کہ وہ کم از کم پانچ سال کیلئے انتظار کریں۔ جو لوگ جیت کر آئے ہیں، خواہ وہ اپوزیشن کا ہے یا وہ جس پارٹی کا بھی ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ یہ بات ریکارڈ پر آنی چاہیئے کہ آئندہ کچھ ہوا تو اس پر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ زرین ریاض صاحبہ، زرین ضیاء۔

محترمہ زرین ریاض: جیسے ابھی ہمارے معزز ایم پی اے صاحب منور خان نے کہا ہے، چونکہ میں وہاں ڈیڈک چیئر پرسن ہوں لکی مروت کی، اور یہ جو بھی ڈی ایچ او صاحب کا نوٹیفیکیشن ہوا تھا، یہ میرے نالج میں نہیں تھا اور میرے نالج کے بغیر یہ سب کچھ ہوا تھا لیکن اس کے بعد بھی ڈیڈک چیئر پرسن ہونے کے ناطے میں نے اپنی Responsibility پوری کی اور اس چیز کے بارے میں میں ہیلتھ منسٹر صاحب تک گئی ہوں اور آج بھی ہو کر آئی ہوں اس کے پورے Cancellation orders ہو چکے ہیں، چونکہ Cancellation orders ہو چکے ہیں، صرف ہیلتھ منسٹر صاحب کے آنے کی دیر ہے، وہ (تالیاں) جیسے ہی آئینگے اس پر سمری Put up ہو گی اور یہاں تک کہ میں چیف سیکرٹری صاحب تک بھی یہ بات لیکر جا چکی تھی، تو ان شاءاللہ جیسے ہی ہیلتھ منسٹر آئینگے، وہ دوبارہ Restore ہو جائینگے۔ تھینک یو۔

(تالیاں)

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر پلیز۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، اس میں سوال کا جواب دینے سے پہلے میں آپ کی توجہ چاہونگا۔ ایک گھنٹہ جو ہے سر، وہ گزر چکا ہے، اب یہ باقی سوالات ہیں، ان کا کیا Status ہو گا؟

Mr. Deputy Speaker: Further proceedings on Questions is violation of rules-----

وزیر قانون و پارلیمانی امور: اس کو سر، Next day کیلئے کر دیں سر، گھنٹہ ختم ہو گیا ہے۔

Mr. Deputy Speaker: It is considered as read under rule 38. I think 'Questions` Hour' is over.

Law Minister: Over.

Mr. Deputy Speaker: Yes, further proceedings on Questions is violation of rule 31.

وزیر قانون و پارلیمانی امور: تو سر، میری یہ گزارش ہوگی کہ یہ جو ایجنڈا ہے، اس کو Carry over کرلیں اور جہاں تک آنریبل ممبر مظفر سید صاحب کے سوال کا تعلق ہے، اگر آپ اس کو کمیٹی کو ریفر کرانا چاہیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب مظفر سید: شکریه، جناب سپیکر. لا ءمنسټر صاحب ته کمیټۍ ته په تلو څه اعتراض نشته دے نو که هاؤس اجازت ورکړی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ، درکوم چې خبره وشی جی، درکوم تاسو ته ټائم، درکوم جی۔

جناب مظفر سید: جناب سپیکر، که هاؤس اجازت ورکړی نو واقعی تاسو دا کمیټۍ ته ریفر کړئ۔

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زه جی دا تپوس کوم، دا سوالونه به بیا کله راځی؟ دا تپوس جی کوم، ضمنی سوال نه دے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، دوبارہ آئینگے۔ سر اس کا شیڈول اسمبلی سیکرٹریٹ جاری کرتا ہے اور جب اس محکمے کا نمبر ہوگا تو یقیناً آئینگے۔

(قطع کلامی)

مفتی سید جانان: زه جی دا وایم، زمونږ د ممبرانو د مسئلو دغه ځائې دے، دلته به مسئلې راوړی جی. اول خو جی سوالونه نه راځی، چې بیا راشی، دا جی زما کمزوری نه ده، تا ته هم نشم وئیلے چې ستا کمزوری ده خو دا جی دا اسمبلی ده، دا د طالبانو انجمن نه دے چې دیکښې به هر سړې پاڅیږی، که د هغه د سوال سره تعلق وی او که نه وی خبره به کوی. زه دا درته اووایم، تاسو به ما نه ناراضه کیږئ نه، تاسو ډیر د ذمه دارئ کرسئ باندې ناست یئ، که زه د حقوقو نه تجاوز کوم، پکار ده چې تاسو ما ته وایئ چې دا مه کوئ. ممبر به دغې ته سترګې وی، ممبر به بیا څه کوی؟ که دفترو ته لاړ شو، دفترو کښې زمونږ خبره نه

شی اوریدلې، منسټران خو ماشاءالله دغه ځایونو کښې ځلور منسټران موجود دی، نور نشته دے۔ په دغې خبرې باندې به ما ته یقین دهانی را کوئ او که نه وی زه به ذاتی طور باندې ووځم۔ زه د خپلې علاقې مسئلې به، درې میاشتې به زه لګیا یم او مسئلې به دلته راوړم او کوم به ئے او بیا به په یک جنبش زما مسئلې ختمیږی؟ یا جی ما ته یقین دهانی به را کوئ یا به زه جی ووځم۔

جناب سلیم خان: پوائنٹ آف آرڈر، جی۔

جناب مظفر سید: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اب ایک بندہ مہربانی کر کے آپ آگے آئیں تو میں ایک ایک کو جو ہے ٹائم دونگا۔ پہلے بھی اسی وجہ سے یہ ہوا اب جو ہے مفتی جانان صاحب ناراض بھی ہو رہے ہیں۔ میری تو کوشش یہ ہے کہ ہر ایک ممبر کو Accommodate کروں اور ٹائم دوں۔

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک Irrelevant discussion پر ظاہر ہے کہ Definitely time ضائع ہوگا اور اس فورم کے ڈیکورم کا بھی ذرا خیال رکھا جائے۔ مہربانی ہوگی۔ جی پلیز۔ سلیم خان پلیز۔

جناب سلیم خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سر، یہاں پر آج کافی سارے کوئسچنز اسمبلی کے فلور پر آئے اور میں شکریہ ادا کرتا ہوں اسرار اللہ گنڈاپور صاحب، لاء منسٹر کا، انہوں نے جواب دیا، بہر حال یہاں پر مجھے سمجھ نہیں آرہی ہے کہ یہاں پر ایک فوج بھرتی کی گئی ہے پارلیمانی سیکرٹریز کی اور ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ یہ پارلیمانی سیکرٹریز جو ہیں، یہ جب ہاؤس کے اندر منسٹرز نہیں ہونگے تو انکی جگہ سوالوں کے جواب یہ دینگے، ان کی جگہ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کے متعلق کوئی بات ہوگی تو یہ جواب دینگے۔ تو مجھے آج یہاں پر کسی پارلیمانی سیکرٹری نے بھی اپنے ڈیپارٹمنٹ کے متعلق کسی سوال کا جواب نہیں دیا، اگر انکی ضرورت ہے، اس ہاؤس کے اندر اگر کسی مسئلے پر ایک منسٹر کی جگہ جواب دینے کا ان کو ایک اختیار دیا گیا ہے تو وہ جواب کیوں نہیں دے رہے ہیں؟ اگر واقعی ان کو ایک اختیار دیا گیا، اگر نہیں تو پھر ان کو بھرتی کرنے کی ضرورت کیا تھی؟ تھینک یو، سر۔

(قہقہہ اور شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔ مظفر سید صاحب۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: مظفر سید، پلیز۔

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: (قہقہہ) ایک، ایک، اس کو ٹائم دیتے ہیں۔

(قطع کلامیاں)

جناب مظفر سید: جناب سپیکر! میں اپنے سوال کے متعلق۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور' ختم دے جی۔

جناب مظفر سید: نہیں جی، 'کوئسچنز آور' ختم ہو گیا ہے لیکن وہ Decision منسٹر صاحب نے جو Allow کیا کہ وہ اگر کمیٹی کو چلا جائے تو میرا اعتراض نہیں ہے، تو آپ نے اس پر ہاؤس سے رائے نہیں لی۔ بس میری یہی ریکویسٹ ہے سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صحیح صحیح۔ راجہ فیصل زمان صاحب، پلیز۔ راجہ فیصل زمان، پلیز۔

(قطع کلامیاں)

راجہ فیصل زمان: سر! اصل میں Frustration کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ منسٹر یہاں موجود نہیں ہیں، (مداخلت) Kindly آپ ذرا میری بات سن لیں سر۔ یہاں پر ہیلتھ منسٹر کا اور ایجوکیشن منسٹر کا ہر وقت ہونا لازمی ہے۔ سر، یہ دو ایسے ایشوز ہیں، انکے ساتھ ہمارا ہر وقت کام پڑ سکتا ہے۔ سر، آپ Ensure کرائیں اگر دس دن مہینے میں اجلاس ہے تو ان دس دنوں میں منسٹر چھ دن بھی نہیں آتے، چار دن آتے ہیں تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ Frustration کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے سر، منسٹروں کو موجود ہونا چاہیئے، تیاری ہونی چاہیئے، آج میں دیکھ رہا ہوں، اسرار بھائی نے جتنی دفعہ اپنے ماتھے کو پکڑا ہے، میں نے پچھلے دس سال میں اس کو کبھی پکڑتے ہوئے نہیں دیکھا (تالیاں) اور مجھے دکھ بھی ہے اور افسوس بھی ہے، بڑا لائق ہے لیکن سر، اتنا پریشر ایک اکیلے بندے کے اوپر نہیں ہونا چاہیئے۔ منسٹروں کو اپنا پریشر خود لینا چاہیئے، اپنے ڈیپارٹمنٹس کے کاموں کو خود سنبھالنا چاہیئے۔ سر، میری گزارش ہوگی، ہم سب کی

عزت کرتے ہیں، سب کا احترام کرتے ہیں، سب کے مینڈیٹ کا احترام کرتے ہیں لیکن جس کو اللہ نے عزت دی ہے، وہ کم از کم اپنی عزت کو یہاں پر آ کر Defend ضرور کریں، نہ کہ کوئی اور اس کو Defend کرے۔

(عصر کی اذان)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میرے خیال میں نماز کا وقفہ ہے، پھر اس کے بعد ان شاءاللہ بات کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

## اراکین کی رخصت

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں، اسمائے گرامی ہیں: جناب زاہد درانی صاحب، ایم پی اے 12-09-2013؛ جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ صاحب، سینیئر منسٹر 12-09-2013؛ محترمہ بی بی فوزیہ، ایم پی اے 12-09-2013؛ جناب سمیع اللہ خان علیزئی صاحب، ایم پی اے 12-09-2013 اور 13-09-2013 کی درخواست ہے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The leave is granted. Ji Sardar Hussain Babak Sahib.

<u>جناب سردار حسین</u>: سپیکر صاحب۔۔۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر، د کورم نشاندهی کوم، دا یو منسټر دے، مونږ ته به جواب څوک را کوی؟

<u>جناب سردار حسین</u>: منسټر صاحب ناست دے کنه، حاجی صاحب زمونږ ناست دے۔ مشر ناست دے، مشر ناست دے، مشر ناست دے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یہ چونکہ کورم پوائنٹ آوٹ کیا ہے انہوں نے، تو دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں، دو منٹ کیلئے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: Quorum complete ہوچکا ہے۔ پلیز، اگر کوئی، سردار حسین بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب. سپیکر صاحب، ستاسو او د هاؤس په نوټس کښې یو خبره راوستل غواړم او هغه دا چې هغه بله ورځ ما له د پیښور دا ریسټورنټس چې دی یا دا هوټلز چې دی، د هغې یو څلور پینځه مالکان راغلل او ما ته ئے باقاعده رسیدونه وښودل او په هغې باندې لیکلی وو چې دا جنریټر ټیکس دے، جنریټر ټیکس، پینځه زره روپئ سالانه د هغوی نه Collect کیږی۔ بیا ترینه ما دا تپوس وکړو چې دا لا څنګه ټیکس دے؟ هغوی وئیل چې کله بجلی لاړه شی او په کوم کوم ریسټورنټ کښې یا په کوم کوم هوټل کښې جنریټرې لګیدلې دی نو دا د هغې ټیکس چې دے اوس نوے حکومت ماشاء الله چې راغلے دے، د هغه ریسټورنټس نه او د هغه هوټلز نه هغه Collection کیږی۔ سپیکر صاحب، دا ډیره اهمه خبره په دې حواله باندې هم ده چې نه یواځې زمونږ په صوبه کښې، په ټول ملک کښې بجلی چې ده، هغه ډیر زیات کمے دے، ډیر زیات لوډ شیډنګ دے۔ اوس بجلی چې دومره زیاته کمه ده، خلق به خپل بزنس هم چلوی او هغې له به خپل Alternate هم پیدا کوی۔ اوس په ځائې د دې چې مونږ هغه خلق، هغه Hotelings چې دی یا Motelings چې دی چې هغه مونږ Encourage کړو، زما خو دا خیال دے چې دا د حکومت د Collection د پاره ډیره عجیبه طریقه استعمال شوې ده، مونږه به غواړو دا چې منسټر صاحب مونږ له د دې جواب راکړی ځکه چې دا خو ډیره زیاته ناجائزه خبره ده، دا خو ډیره زیاته بده خبره ده، پکار دا ده چې مونږ Facilitation وکړو او مونږ خلق Provoke کړو، مونږ خلق Invite کړو، مونږه خلقو ته داسې مواقع ورکړو چې زمونږ دا صوبه چې ده، War hit area زمونږ دا صوبه، چې دا Militancy hit area، صوبه ده، دلته هسې هم سرمایه کار چې دی، هغه بهر روان دی او که داسې قسم له څیزونه مونږ شروع کړو نو زما خیال دا دے چې دا چې کوم خلق دلته موجوده ناست دی، دا به هم ډیر زیات Discourage کیږی۔ اګر که تاسو وګورئ، پینځه زره روپئ سالانه که مونږ ورته په هغه شکل باندې وګورو نو دا یو Token amount دے خو که بل طرف ته مونږ وګورو نو دا نیک شګون نه دے، دا د Discouragement طرف ته زما یقین دا دے چې یو قدم دے، نو زمونږ

خواست دے حکومت ته چې په دې باندې فوری طور باندې غور وکړی او دا پالیسی چې ده، دا فیصله چې ده، دا واپس کړی او که اسرار خان بیا غواړی نو زه به ورله هغه رسیدونه هم ورکړم او بیا که دوئ مناسب گڼی نو د هغوی یو میټنگ به هم دوئ سره وکړو، نو زما یقین دا دے چې بیا به ډیره زیاته اسانه شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسرار گنڈاپور صاحب، پلیز۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: بالکل سر، ہمارے محترم Colleagues ہیں، جو بھی ان کی مثبت تجاویز ہیں، ان کا بخوبی جائزہ بھی لیں گے اور ان کے ساتھ بیٹھ کر اس پر میٹنگ بھی کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ جی مفتی جانان صاحب، پلیز۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، دا ایوان د دغې ټولې صوبې مشترکه ایوان دے او دلته هغه خبره کول پکار دی چې هغې کښې د دغې ټولو عوامو فلاح او بهبود وی۔ که مونږ کومه خبره کوؤ، هغه به صرف په دې نیت باندې کوؤ چې د دغې ټول ایوان بلکه د ټولو ملگرو د اصلاح په نیت باندې به کوؤ۔ دا صوبه د تنقید برائے تنقید حامله نه ده او هسې خبرې نه خبرې جوړولو دا حامله صوبه نه ده خو جناب سپیکر صاحب! د ثو ورځو نه که تاسو خیال وکړئ، دلته ملگری وچت شی او خبره وشی، بیا هغه طرف نه داسې اندازه کښې یوه خبره وشی چې هغه د زړونو ماتولو خبره وی۔ جناب سپیکر صاحب، مونږ د دغې اخری زمانې انسانان یو، ما کښې اول ټولو نه زیاتې کوتاهیانې دی خو که یو سړے زما د کوتاهئ نشاندهی وکړی، پکار دا ده چې زه دوئ ته اووایم چې اؤ تا ته د الله پاک جزائے خیر درکړی۔ وائی چې حضرت عمرؓ صاحب خلیفة المومنین دے، هغه صحابی دے، عشره مبشره صحابی دے، لارې کښې روان دے، یو زنانه ورته اووئیل چې قف یا عمرؓ، اے عمرؓ ودریږه۔ راوی وائی چې دا زنانه بوډئ زنانه وه، داسې دا همسا باندې ودریدله، ورته ئے وئیل چې اے عمرؓ! ته داسې کور کښې پیدا وې چې هغې قبیلې کښې ابوجهل د هغې قبیلې سردار وو، ستا نامه عمرؓ وه، هغه دا نه شوه برداشت کولې چې زما په نوم باندې بل سړے وی۔ بیا ستا خاندان ولگیدو ستا نوم ئے عمیر کړلو او ورته وئیل چې اے امیر المومنینؓ تا داسې وخت هم لیدلے دے چې تا به کور نه حیوانات څرولو ته

بوتلل، د ټاټ یوه ټوپئ به د په سر وه او بیا به کور ته راغللې او ورته ئے وئیل چې اے عمرؓ! نن ته خلیفة المومنین ئې، د مسلمانانو بادشاه ئې۔ مورخ وائی چې حضرت عمرؓ صاحب په ژړا باندې شو، وائی چې ملگرو ئے دغې زنانه ته اووئیل چې تا خو دا امیر المومنینؓ ډیر خفه کړلو، دوئ ته دا خبرې تا ولې وکړلې؟ حضرت عمرؓ صاحب ورته اووئیل چې اے خورې تا ته د الله پاک جزائے خیر درکړی، تا ماته خپله ماضی زمانه رایاده کړله، تا ماته زما د کوتاهیانو تعین وکړلو۔ صحابه ور نه تپوس وکړلو چې دا زنانه څوک ده؟ ورته وئیل چې دا خوله بنت جحشؓ ده، دا هغه زنانه ده چې په زمکې باندې دې خبره کړې ده چې الله رب العالمین آسمانونو نه دې ته جواب ورکړے دے۔ جناب سپیکر صاحب! زما د خبرې مقصد دا دے چې څه وخت پس، سبا دې اخبارونو کښې گوره چې دا زمونږ وزیران صاحبان، زه به اول ځان نه اووایم که وزیر نه وومه۔ مونږ لاړ شو دا وایو چې دغه محکمې کښې غبن دے، دا محکمه کښې غلا ده، سی اینډ ډبلیو کښې غلا ده، پولیس کښې غله دی، پټواریان او تحصیلداران غله دی۔ جناب سپیکر صاحب، د دغې صوبې په سرکونو باندې اوس هم ستا د دغې صوبې د سپاهیانو وینې دی، پولیس وینې توئې دی۔ هر سړی ته به مونږ دا نه وایو چې ته غل ئې، مبادا چې داسې وخت راشی چې دا خلق بیا زمونږ کار نه کوی، مبادا چې هر سړی ته مونږ د شک په نګاه باندې گورو، که مونږ دلته حاکمان یو، که دا محکومین خلق مونږ سره تعاون نه کوی، مبادا داسې ورځ به راشی چې دا حکومت به بیا ناست وی۔ جناب سپیکر صاحب، دا مخکښې ورځ زه یو هسپتال ته لاړم، هسپتال دوره مې وکړله، اخر کښې دوه درې ډاکټران وو، یوه زنانه ډاکټره وه، زه ئے بیل کړم، ماته ئے وئیل چې مفتی صاحب! مونږ خو خو، ما ورته وئیل چې ولې؟ وئیل ئے چې دې ځائې کښې اته لس کسان راشی، هغه مونږ ته داسې خبرې کوی چې هغه د زمونږ د اوریدو مناسبې نه دی، هغه زمونږ شان سره مناسبې نه دی، زه که ډاکټر یم دا زما عزت د ډاکټرئ د پاره دے، زه پیسې که گټم خو عزت زما د هغې نه مخکښې دے، زه که سرکاری نوکر یم خو زما عزت د هغې نه مخکښې دے۔ زما به دغه د حکومت وزیرانو ته، سره د وزیر اعلیٰ صاحب به زما به دا گزارش وی چې هرې محکمې ته به د شک په نګاه

باندې نه ګورو، هر سړی ته به دا نه وایو چې ته غل ئې او غل به وی، د غلا تعین به کوؤ، غل ته به غل وایو، د غل لاس به نیسو خو هر سړی ته به غل نه وایو، بیا به داسې وخت راشی چې مونږ سره به شوک تعاون نه کوی۔ (تالیاں) زه جناب سپیکر صاحب، په هم دغې باندې دا خپلې خبرې ختموم، ان شاء اللّٰه دا ایوان شریک ایوان دے، دا به په شریکه باندې چلوؤ، دا ملګری به په دې باندې خفه کیږی نه، مونږ به هغه خبره کوؤ چې هغې کښې د دغې عوامو اصلاح وی، هغه خبره به کوؤ چې د دغې معاشرې فائده به وی۔ ان شاء اللّٰه تنقید برائے تنقید به نه وی، تنقید برائے اصلاح به وی او که د عوامو فلاح و بهبود وی، مونږ به ټول آباد وو او که نه وی مطلب دا دے بیا به خبره خرابه وی۔ وآخِرُالدَّعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

(تالیاں)

جناب احمد خان بہادر: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد خان بہادر صاحب۔

## نکتہ اعتراض

جناب احمد خان بہادر: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ سر، پوائنټ آف آرډر باندې زه پاڅیدم، خبره کول غواړم۔ دلته وختی زما یو ملګری خبره وکړه، د پارلیمانی سیکریټریانو په حوالې سره جی۔ دې ګورنمنټ تقریباً دوه دیرش کسان پارلیمانی سیکرټریان اخستی دی۔ جناب والا، ما سره یو کتاب دے غالباً د دې اسمبلۍ نه ما ته ملاؤ شوے دے جی او په دې باندې لیکلی دی چې Provincial Assembly of North West Frontier Province, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 او غالباً دا به تاسو سره هم دغلته پروت وی او زما دې ټولو ملګرو سره هم او زمونږ لاء منسټر صاحب سره به هم پروت وی۔ جناب والا، که تاسو Rule 2 وګورئ په دیکښې سیکشن (r)، دے، دا Define کوی "Parliamentary Secretary" means a Member so appointed or designated by the Chief Minister under any law, under any law for the time being in vogue، جناب والا، زه دا تپوس کولے شم، لاء منسټر

صاحب هم ناست دے ، ذمه وار ملګری هم دلته ناست دی چې دا د کوم قانون لاندې دا شوی دی او که چرې د قانون لاندې نه وی شوی نو آیا دا قانونی دی او که دا غیر قانونی دی؟ تهینک یو ، مسټر سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر، پلیز۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: تھینک یو، سر۔ سر، یہ نہایت ایک اہم نکتہ انہوں نے اٹھایا ہے اور میں اس کو بالکل Appreciate کرتا ہوں۔ اصل میں سر، یہ بات صحیح ہے کہ یہ ہمارے اسمبلی کے رولز آف بزنس ہیں لیکن اس طریقے سے ہماری پراونشل گورنمنٹ کے اپنے رولز آف بزنس ہیں۔ ان کی جو اپوائنٹمنٹ ہوئی ہے، وہ رولز آف بزنس آف دی پراونشل گورنمنٹ جو کہ آرٹیکل 139 کے سب آرٹیکل 3 کے نیچے بنے ہیں، اس میں سر، 5A کے تحت چیف منسٹر صاحب نے اپنی Executive power استعمال کی ہے۔ ایشو سر یہ ہے کہ یہاں پر اس کو لاء ظاہر کیا گیا ہے، وہاں پہ رولز جو ہیں، وہ اس طریقے سے ان کو پابند نہیں کرتے۔ ابھی سر، بعد میں بات یہ آجاتی ہے کہ پھر کون Prevail کرتا ہے؟ اس میں اگر آپ دیکھیں سر، ہمارے اسمبلی کے رولز آف بزنس جو ہیں، یہ جو بنے ہیں، اس میں کال اٹینشن ہے، اس میں پریویلج موشن ہے، اس میں کوئسچن ہے، اس میں ایڈجرنمنٹ موشن ہے لیکن اگر آپ اس کی پروٹیکشن دیتے ہیں، رولز آف بزنس آف دی پراونشل گورنمنٹ، تو مجھ سے زیادہ بابک صاحب جانتے ہوں گے کہ پچھلے پانچ سال وہ کال اٹینشن کا جواب بھی دیتے رہے ہیں لیکن رولز آف بزنس جو پراونشل گورنمنٹ کے ہیں، وہ اس پہ Silent ہیں۔ تو جہاں پر ایک Rule اگر Silent ہے، اس کا یہ مقصد نہیں ہے کہ ہم اس کی Derogation میں جارہے ہیں، ہاں یہ ضرور ہے کہ یہاں پہ لاء کی ضرورت ہے۔ فی الحال جو ان کے اختیارات استعمال ہوئے ہیں چیف منسٹر صاحب کے، وہ 1985 میں بھی اس طریقے سے اپوائنٹمنٹ ہوئی تھی Through executive order اور آج بھی جو اپوائنٹمنٹ ہوئی ہے Through executive order ہوئی ہے لیکن ہم یہ یقیناً ضرورت محسوس کرتے ہیں اور اس سلسلے میں اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ اس کام پہ لگا ہوا ہے تاوقتیکہ یہ Executive authority استعمال کی گئی ہے جو کہ پراونشل گورنمنٹ کے رولز آف بزنس ہیں، اس کے تحت یہ اقدام اٹھایا گیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب احمد خان بہادر: تهینک یو، مسټر سپیکر۔ سر، 1985 زما ورور خبره وکړه ګنډاپور صاحب، آیا دوئ سره شته دا In writing که نه؟ او نمبر دو جناب سپیکر صاحب، د کومې پورې چې په دې باندې قانون نه وی راغلے نو د هغې پورې د دې سیکرټریانو حیثیت څه دے جی، آیا دوئ دلته داسې کار کولے شی که نه شی کولے ځکه دوئ له چې کوم رنګ ورکړے شوے دے نو هغه د دې قانون مطابق چې دا By Law مونږ کوؤ۔ دوئ د وضاحت وکړی د دې جی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، اس کا بالکل Documentary proof موجود ہے اور میں تو Encourage کروں گا اگر یہ اس پہ کوئی ایڈ جرنمنٹ موشن بھی لانا چاہیں تو میں بالکل باضابطہ جواب بھی دوں گا اور جو proof / Evidence ہے، وہ سارا ریکارڈ ہمارے پاس موجود ہے، ہم ان کو Provide کر دیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی سید جانان صاحب، پلیز۔

مفتی سید جانان: بنیادی جهګړه د څه شی خبرې ده؟ بنیادی جهګړه جی دا ده چې دلته ږیره وړه ده او بریتونه غټ دی۔ (قہقہہ) بنیادی خبره دا ده جی منسټران خو دی او سیکریټریان ئے خو اخستی دی؟ اسرار صاحب د مونږ ته اووائی چې دا Rule کښې شته دے، مونږ ته د Rules وښائی؟ دا اسمبلی د Rules پابنده ده، د 1985 د دوئ رااوغواړی، اوس د مونږ ته اووائی، مونږ هیڅ څه اعتراض نشته، دغې اسمبلئ کښې به د یو سړی اعتراض نه وی، اؤ هغې کښې دا شته دے چې وزیر اعلیٰ صاحب ته مطلب دا اختیار شته دے خو څومره اختیار دے، دلته بیا هم دغه خبره راځی چې پینځلس مطلب دا دے مقتدیان ئے دی او دیرش ئے اماماں جوړیږی۔ (قہقہے) زمونږ دغې خبرې کښې جی اختلاف دے، د دغې تفصیل د جی راکړی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی اسرار گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر اگر یہ سارے سوالات آج ہی کرتے ہیں تو پھر میرے خیال میں ایڈجرنمنٹ موشن کی ضرورت نہیں ہے، تاہم ان کی تسلی کیلئے سر، اس وقت بھی جو رولز 1988 کے ہمارے موجود ہیں سر، Originally اس کے Preface پہ آپ دیکھیں، 1975 میں بھی جو اسمبلی تھی، اس وقت بھی رولز موجود تھے اور اس کو بعد میں بعض اوقات Repeal کیا جاتا ہے، Last Assembly میں بھی ہم نے اس میں امنڈمنٹ کی اور ابھی بھی اس میں کئی امنڈمنٹس Proposed ہیں۔ جہاں تک یہ بات ہے کہ سر آپ کے پاس وزراء چودہ ہیں یا پندرہ ہیں، اس کے علاوہ سر سپیشل اسسٹنٹ ہیں، ان کو بھی محکمے 'ہینڈ اوور' ہوئے ہیں، ایڈوائزر ہیں، ان کو بھی محکمے 'ہینڈ اوور' ہوئے ہیں پر اونشل گورنمنٹ کے جو اپنے محکمے ہیں اور اس کے جو Attached departments ہیں، ابھی اگر آپ کے پاس انڈسٹریز کا ایک ڈیپارٹمنٹ ہے تو اس کا ایک Attached department جو ہے، وہ ٹیکنکل ایجوکیشن جو ہے وہ بھی اس کے ساتھ Attached ہے۔ بعض اوقات اس کو علیحدہ منسٹر دے دیا جاتا ہے، بعض اوقات اس کو اس کے ساتھ ہی رکھا جاتا ہے، تو یہ چیف منسٹر صاحب کا اختیار ہے کہ وہ پارلیمانی سیکرٹری Attached department کے حوالے سے رکھیں، پورا ڈیپارٹمنٹ اس کو 'ہینڈ اوور' کریں، یہ چیف منسٹر صاحب کا اختیار ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سید جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ دیکښې جی زما یو پوائنټ وو، هغه دا چې نن سبا د وزیرانو او د پارلیمانی سیکرټریانو او مشیرانو دا دومره لوئے لښکر چې جوړ دے، معاونین، سپیشل اسسټنټس، نو زما په دې سیکرټریانو صاحبانو، ایډمنسټریټیو سیکرټریانو صاحبانو باندې ډیر زړه خوږیږی او د هغې مثال دا دے چې د یو سړی ځلور بنځې وی او هغې کښې (ہنسی) مسئله جوړیږی نو هغوی غریبانان حیران دی چې د کوم یو سیکرټری اومنی، د کوم یو منسټر خبره اومنی، د کوم یو پارلیمانی سیکرټری اومنی، د کوم یو ایډوائزر اومنی؟ هغوی غریبانان یو یو طرف ته راکاږی، بل بل طرف ته راکاږی ماخپله باندې ځنې سیکرټریانو صاحبانو سره خبرې کړې دی او د هغوی زما خیال دے چې دې سره به سسټم ډیر زیات ګړبړ شی ځکه چې ځلور منسټران په یو

سیکرټری باندې ناست وی د پاسه، هغه غریب به د چا خبره منی؟ نو د دې نه خو به دا کار د سمیدو په ځائې باندې نور هم وران شی۔ زما خیال دا دے چې دا سې نه چې دا سیکرټریان صاحبان ټول استعفیٰ ګانې ورکړی او دا صوبه راته دا سې پاتې شی، ماته خو I fear that۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولاناعصمت اللہ صاحب، پلیز۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب! بات اصل میں یہاں پہ جو ہے، وہ بات یہ ہے کہ چیف منسٹر صاحب کے Executive orders، آیا کسی ضرورت کی بنیاد پر اس کو قانوناً لاگو کرنا جائز ہے یا کسی آدمی کو ذاتی مراعات اور ذاتی مصلحت دینے کی بنیاد پر بھی ان کو اختیارات ہیں، یا کسی کو خوش کرنے کیلئے یا کسی کے ساتھ اگر الیکشن کے وقت یا کسی کے ساتھ سیاسی مجبوریوں کی وجہ سے اگر چیف منسٹر صاحب نے ان سے وعدہ کیا ہو تو اس اپنے ذاتی وعدے کے اور اپنے اس منصب پہ آنے کیلئے، اس کے یہ Executive order بھی کوئی معنی رکھتا ہے اور دوسری طرف تو یہ کہ میں اصل میں اس بات پہ حیران ہوں، ایک طرف تو گرمی کے زمانے میں ہم گئے تو سراج صاحب کے آفس میں سارے سٹاف والے اس طرح وہ ببوزی مار رہے تھے، میں نے کہا کہ کیا بات ہے؟ تو کہا کہ اسلئے کہ خزانے پر بوجھ نہ آئے، یہ اے سی بند کیا ہوا ہے، اچھا قدم ہے لیکن دوسری طرف یہ بات ہماری سمجھ سے بالاتر ہے جناب والا۔ اور دوسری یہ ہے کہ جیسے بھائی نے کہا ہے اور دوسری بات میں یہاں پر آپ کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں، اسی فلور پر چیف منسٹر صاحب صاحب نے خود کہا کہ ہر ایک حلقے کا ایم پی اے اپنے حلقے کا چیف منسٹر بھی ہے لیکن ساتھ جناب والا، یہ بھی ہوتا ہے کہ ہر ایک ضلع سے پی ٹی آئی کے کارکنوں کو بلا کر اور پوری انتظامیہ کو، ضلع کے ہیڈز کو، ہر ایک کو بلا کر ان کے کان کھینچ کر بتایا جاتا ہے کہ یہ لوگ آپ کے اوپر چیک رکھیں گے۔ تو وہ لوگ تو غیر منتخب ہیں، غیر ذمہ دار ہیں اور یہ میں آپ کو واضح طور پر بتانا چاہتا ہوں، وہ چیف منسٹر صاحب تو خلوص کے ساتھ یہ حوالہ کر دیتا ہے لیکن وہ لوگ وہاں جا کر ان سرکاری لوگوں کو بلیک میل کرتے ہیں جناب والا، وہ کہتے ہیں کہ میرے لئے یہ کام کرو ورنہ میں چیف منسٹر صاحب کو کہونگا کہ اس نے اتنا کرپشن کیا ہے اور یہاں سے پھر بھی کوئی پوچھ نہیں ہے، تحقیق نہیں ہے اور کہتے ہیں کہ اس کو ایسا کرو اور یہ بھی میں پورے وثوق سے کہتا ہوں جناب والا، اس وجہ سے یہ پورے لوگ، یہ کونسی بات ہو گئی کہ چیف منسٹر صاحب ایک طرف بلا کر ان کے کان کھینچ کر بتائیں

کہ ہم ان کے اوپر چیک رکھیں گے اور ایک طرف کہتا ہے کہ ہر ایک ممبر، پھر بھی وہی لوگ جو اپوزیشن بنچوں کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں، ان کو باہر رکھا جاتا ہے، مشترکہ میٹنگ بھی نہیں ہے تو یہ کیا صورتحال ہے جناب والا؟ اور پھر جتنے ایم پی ایز بقایا رہ گئے ہیں، ان سب کو پارلیمانی سیکرٹریز، اگر کوئی بقایا ہے تو ان کو بھی پورا کیا جائے۔ تو یہ مسئلہ اس طرح نہیں ہے جی کہ (تالیاں) بڑا پریشان کن مسئلہ ہے، خدا کیلئے کوئی ہر ایک مسئلے کو، ہم ہر اچھے قدم میں، میں تو کہتا ہوں کہ جو خرچہ ان پارلیمانی سیکرٹریوں پر کیا جاتا ہے، ایک صفائی مہم، اچھا ایک مہم شروع کیا گیا ہے باہر، لیکن ان بے چاروں کی تعداد کم ہے اور ان پر بوجھ زیادہ ہے، اس کی بجائے اگر ان اخراجات سے وہاں جھاڑو مارنے کیلئے کوئی اور لوگوں کو بھرتی کیا جاتا تو یہ اچھا نہیں ہے؟ (قہقے اور تالیاں) اس سے ان لوگوں سے اس صفائی میں زیادہ مدد ملے گی جناب والا۔

(قہقہے)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: وہ اس ہاؤس کا حصہ ہیں، اگر اس قسم کے الفاظ ہونگے کہ ان کو وہاں پر وہ ڈیوٹی دی جائے تو میرے خیال میں یہ الفاظ مولانا صاحب واپس لے لیں یا کارروائی سے اس کو حذف کریں، یہ کافی سر، مطلب ہے ان کے جذبات سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو کارروائی سے حذف کروائیں۔

(قطع کلامیاں)

ایک رکن: دا خبره-----

(قطع کلامیاں)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر، اس کو کارروائی سے حذف کریں-----

ایک رکن: دا خبره، په دې خبرې تا سو پوهه نه یئ-----

وزیر قانون و پارلیمانی امور: اور اگر وہ اس طریقے سے بات چیت کریں گے یا تو سر، اس کو واپس کریں اور اگر سر، اس طریقے سے بات چیت کریں گے تو ہم باتیں سننے کیلئے تو تیار ہیں لیکن اپنے ممبران کی بے عزتی تو نہیں کرا سکتے-----

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: اس سے پہلے بھی میں۔۔۔۔۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: مہربانی کر کے اس کو کارروائی سے حذف کرائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام اراکین اسمبلی سے گزارش ہے، میں پہلے بھی گزارش کر چکا ہوں کہ اخلاق کے دائرے میں اندر آتے ہوئے بات کریں اور فورم کے ڈیکورم کا خیال رکھا جائے مہربانی ہو گی، نوازش۔ جی سردار بابک صاحب، پلیز۔

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ (شور) سپیکر صاحب، زما یقین دا دے (شور) دا سپیکر صاحب خبره به اسانه شی، خبره به اسانه شی۔ تاسو کښېنئ (شور) اسرار خان! اسرار خان سے گزارش ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں۔۔۔

جناب سردار حسین: اسرار خان! اسرار خان سے گزارش ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سردار حسین: هغوی دا سې خبره نه ده کړې۔

(شور)

جناب محمد عصمت اللہ: سپیکر صاحب، میں بات کرتا ہوں، میں وضاحت کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا عصمت اللہ صاحب، پلیز۔ مولانا عصمت اللہ۔

(شور)

جناب محمد عصمت اللہ: میں وضاحت کرتا ہوں۔ (مداخلت) نہیں نہیں، میں وضاحت کرتا ہوں جناب والا! یہ میرے معزز اراکین ہیں، ان کی عزت اور احترام میرے دل کی چاہت ہے، میں نے یہ نہیں کہا ہے کہ یہ جھاڑو ماریں، (قطع کلامیاں) میں نے کہا ہے کہ ان پارلیمانی سیکرٹریوں پر جو اخراجات آتے ہیں (شور) نہیں، ریکارڈ چیک کیا جائے، ریکارڈ چیک کیا جائے، میں نے کہا ہے کہ ان پر جو بے جا اخراجات ہوتے ہیں، اگر بجائے اس کے ان اخراجات سے وہ جھاڑو مارنے والوں کی تعداد میں

اضافہ کیا جائے تو قوم کیلئے بہتری ہوگی، میں نے یہ کہا ہے (تالیاں) اور دوسری بات یہ ہے جناب والا، دوسری بات یہ ہے جناب والا، اگر میں قوم کا رئیس ہوں اور میں قوم کیلئے جھاڑو ماروں تو میری عزت میں اضافہ ہوگا، کمی کوئی نہیں ہوگی کیونکہ رئیس القوم تو خادم ہونگے، (قطع کلامیاں) رئیس القوم خادم ہونگے، قوم کا سردار، قوم کا بڑا، قوم کا مشر وہ قوم کا خدمتگار ہوتا ہے، وہ جتنا اگر جھاڑو مارتا ہے تو ان کی عزت میں اضافہ ہوگا لیکن میں نے یہ نہیں کہا ہے، میں نے کہا ہے کہ ان کی جگہ پر Executive orders پر ان لوگوں کی بھرتیوں میں اضافہ کیا جائے تاکہ عوام کو فائدہ ہو، میں نے یہ کہا ہے۔

(تالیاں)

وزیر قانون وپارلیمانی امور: سر، مائیک کو آن کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور: سر مائیک کو آن کیا جائے سر۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ اس طریقے سے ذو معنی الفاظ استعمال کر کے مولانا صاحب جو ہیں، وہ اس ہاؤس کا استحقاق مجروح کر رہے ہیں۔ کل اگر یہاں ایک ہماری محترمہ نے بات کی اور ان سب کا اس سے استحقاق مجروح ہوا تو ہم نے معذرت بھی کی۔ ابھی یہ اخلاقیات کا تقاضا ہے کہ بابک صاحب صاحب کریں یا کوئی اور۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں سردار بابک صاحب گزارش کرتا ہوں، سردار بابک!

وزیر قانون وپارلیمانی امور: ان کو اس طریقے سے الفاظ ادا نہیں کرنے چاہئیں اور اس کو جو ہے کارروائی سے حذف کیا جائے۔

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس نے ایسی کوئی بات کی ہی نہیں ہے کہ آپ کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار بابک، سردار بابک پلیز۔

جناب سردار حسین: تھینک یو جی، شکریہ سپیکر صاحب۔

جناب محمد عصمت اللہ: اس کی تو میں نے دوبارہ وضاحت کر لی۔

جناب سردار حسین: خیر ہے، میں کرلونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز، پلیز۔بس، مولانا صاحب آپ تشریف رکھیں جی۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! میرے خیال میں مولانا صاحب کے الفاظ کی وجہ سے یاان کو سمجھ نہ آنے کی وجہ سے کوئی غلط فہمی ہوئی ہے، بہر حال میں اس طرف سے معذرت خواہ ہوں، اگر اس پر کوئی دل آزاری ہوئی ہو تو میں معذرت خواہ ہوں۔ (تالیاں) سپیکر صاحب! دا کومه ایشو باندی چې-----

جناب محمد عصمت اللہ: میں نے بات کرلی اور آپ کیوں؟ میں نے تو بات کرلی-----

(شور)

جناب سردار حسین: خیر دے لږ د برداشت نه-----

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ تشریف رکھیں (شور) آپ تشریف رکھیں جی، بس۔

(شور)

جناب محمد عصمت اللہ: میں نے ایسی کوئی بات نہیں کی کہ میں وہ الفاظ واپس لے لوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز آپ تشریف رکھیں جی۔ سردار بابک صاحب، پلیز۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! دا سې وه-----

جناب محمد عصمت اللہ: اس میں معافی کی کیا بات ہے؟ میں نے وضاحت کرلی۔

جناب سردار حسین: میں نے اپنی طرف سے مانگی ہے (مداخلت) نہیں نہیں۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز آپ تشریف رکھیں جی۔ سردار بابک صاحب پلیز۔

جناب سردار حسین: میرے خیال میں ہم سب کو دل جو ہے، وہ بڑا کرنا چاہیئے۔ خیر ہے، خیر ہے، ہم سب کو دل بڑا کرنا چاہیئے، ان کا بھی حق ہے کہ اپنے مؤقف کا اظہار کریں گے، ہمیں بھی حق ہے، بعض اوقات الفاظ کے دوران اس طرح کی کوئی بات ہوتی تو میرے خیال میں یہ چھوٹے پن کا مظاہرہ ہمیں نہیں کرنا چاہیئے۔ (تالیاں) سپیکر صاحب! دا په کومه موضوع باندې چې خبره روانه ده، پارلیمانی سیکرټریانو باندې یا په وزیرانو صاحبانو باندې، بالکل اسرار اللہ

ګنډاپور صاحب زمونږ ملګرے چې دے ، مونږ دا منو دلته ډیر سوالونه راپورته کیږی چې په دې وطن کښې په ماضی کښې یا که اوس مونږ وګورو نو ادارې چې دې، د خپلو هغه آئینی حدودو نه چې بهر شی نو زما یقین دا دے چې داسې قسم له ټکراؤ پیدا کیږی او بیا که مونږ د نوی حکومت راتګ ته وګورو نو د نوی حکومت هر وخت د ټائم په ټائم باندې ډیډ لائن ورکول او یا د خپل هغه منشور یا د خپلو هغه وعدو پخوالے کول، مونږه دا ګڼو چې په 1973 آئین کښې چې کوم $18^{th}$ Amendment دے ، که مونږ د هغې روح ته وګورو نو د هغې مقصد دا دے چې فیډریشن او بیا Federating units چې کوم دی چې دغه اخراجات په کابینو باندې یا په ایډوائزرز باندې یا په دې مد کښې په نورو باندې چې په هغه اخراجاتو باندې کمے راشی۔ دا زمونږ د اپوزیشن مشران او ملګری که بار بار دا نکته راپورته کوی نودې له دا جواز پیدا کول چې دا د 1985یا د 1988 یا د 1989 په رولز یا په ایکټ کښې دا خبره شامله ده، دا باید چې مونږ دا ټول هاؤس د دې خبرې نه سترګې پټې کړو چې زمونږ هغه صوبه ده چې دا په معاشی توګه باندې ډیره زیاته کمزورې ده او بیا کوشش هم د دې حکومت دا دے چې تر کومه حده پورې چې مونږ اورو چې هغوی په اخراجاتو کښې کمے راولی نو مونږ دا نه وایو چې دوئ 32 پارلیمانی سیکرټریان اخستی دی، دوئ ته به ګاډی هم ورکوی، دوئ ته به بنګلې هم ورکوی، دوئ ته به سټاف هم ورکوی، بیا دوئ ته به الاؤنسز او ټی اے / ډی اے هم ورکوی۔ مونږ دا نه وایو دا فیصله به اوس حکومت کوی خو سوال دا دے چې د $18^{th}$ Amendment د لاندې څوارلس وزیران راغلل او یو چیف ایګزیکټیو شو، وزیراعلیٰ سره دا اختیار دے چې پینځه به مشیران اخلی نو مونږ خو چې ګورو نو په آئین کښې بیا نوره لاره بنده ده، په آئین کښې نور ګنجائش نشته دے چې د څوارلس په ځائې باندې پنځلس وزیران واخلی، په آئین کښې بیا ګنجائش نشته دے چې د پینځو مشیرانو په ځائې باندې شپږ مشیران واخلی نو مونږ دا ګڼو چې چونکه آئینی لار بنده ده لهذا Back door channel استعمال شوے دے نو زمونږ به دا درخواست وی چې په ځائې د دې چې پارلیمانی سیکرټریان د واخستې شی، اسسټنټ د واخستې شی، زمونږ به حکومت ته دا تجویز وی چې د دې ټولو حکومتی امور د دې ټولې اسمبلۍ د

